★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعرات 28 شعبان المعظم 1446ھ، 27 فروری 2025ء، 15 پھاگن 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 125

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

اتحادی حکومت کے ساتھ چلنا مجبوری ہے، مدعا پر عمل درآمد نہیں ہو رہا

صدر زرداری

صدر مملکت سے پیپلز پارٹی پنجاب کے پارلیمانی وفد کے ارکان اور تنظیمی رہنماؤں کی گورنر ہاس لاہور میں ملاقات، انتظامی معاملات میں پیپلز پارٹی کے اراکین کو نظر انداز کیا جاتا ہے، پارٹی رہنماؤں نے شکایات کے انبار لگا دیئے

صدر نے پارٹی رہنماوں سے ملاقات کی اور یقین دہانی کرائی کہ ارکان پنجاب اسمبلی کے مسائل سے متعلق وزیراعظم سے بات کروں گا جبکہ پارلیمانی وفد آئندہ بجٹ آنے تک مسائل حل ہونے کا انتظار کریں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ اتحادی حکومت کے ساتھ چلنا ہماری مجبوری ہے، جانتا ہوں تحریری معاہدے کے نکات پر عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ صدر آصف علی زرداری سے پیپلز پارٹی پنجاب کے پارلیمانی وفد کے ارکان اور تنظیمی رہنماں نے گورنر ہاس لاہور میں ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق پارٹی رہنماؤں نے آصف زرداری کے سامنے شکایات کے انبار لگا دیے۔ وفد کے ارکان کا کہنا تھا کہ انتظامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نارووال یونیورسٹی میں نمائش کا معائنہ کر رہے ہیں

وزیراعظم اور ازبکستان کے صدر کے درمیان ملاقات، باہمی تعاون میں مزید اضافے پر اتفاق

تاشقند (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور ازبکستان کے صدر شوکت مرزایوف نے علاقائی روابط کے فروغ، باہمی تعاون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

تمام 5 ججز متفق تھے کہ سویلینز کا ملٹری ٹرائل نہیں ہوسکتا، جسٹس جمال مندوخیل

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ مقدمے کی سماعت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے ہیں کہ تمام 5 ججز متفق تھے کہ سویلینز کا ملٹری ٹرائل نہیں ہوسکتا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

مریم نواز عوامی خدمت، مخالفین زبان درازی کے ریکارڈ بنا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

76 سالہ تاریخ میں کسی حکومت نے اتنے منصوبے نہیں شروع کیے جتنے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 1 سال میں مکمل کر دیئے، وزیر اطلاعات پنجاب کا بیان

پاکستان کے نوجوانوں کو الیکٹرک بائیکس، اسکالرشپ، لیب ٹاپ اور آسان کاروبار کیلئے قرض چاہیے، نوجوانوں کو پیٹرول بم، غلیلیں اور کیلوں والے ڈنڈے نہیں چاہیے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز عوامی خدمت کے ریکارڈ بنا رہی ہیں، مخالفین زبان درازی کے ریکارڈ بنا رہے ہیں، 76 سالہ تاریخ میں کسی حکومت نے اتنے منصوبے نہیں شروع کیے جتنے مریم نواز نے 1 سال میں مکمل کر دیئے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پنجاب حکومت نے ایک سال میں کامیابیوں کے ریکارڈ قائم کیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرے، وزیر قانون

پاکستان ہر قسم کے امتیازی سلوک، دشمنی اور مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کے لیے پُرعزم ہے، اعظم نزیر تارڑ کا اقوامِ متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 58 ویں اجلاس سے خطاب

26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے صاف، صحت مند اور پائیدار ماحول کو بنیادی حق تسلیم کرنا پاکستان کے انسانی حقوق کے فریم ورک میں ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف اور انسانی حقوق، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرے، پاکستان ہر قسم کے امتیازی سلوک، دشمنی اور مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کے لیے پُرعزم ہے۔ وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف اور انسانی حقوق، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے اقوامِ متحدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



تاشقند: وزیراعظم شہباز شریف کو کانگریس سینٹر تاشقند میں گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

افغان سرزمین کسی ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے

وزیراعظم

مہنگائی 38 سے 2.4 فیصد پر لے آئے، پاکستان اپنا کھویا ہوا مقام پھر حاصل کرے گا، انتھک محنت اور پختہ عزم سے ہی ترقی کا سفر طے کیا جاسکتا ہے، ازبکستان کو کراچی اور لاہور سے منسلک کریں گے: وزیراعظم

تاریخی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جائیں گے، گفتگو، روشن مستقبل کے لیے دونوں ممالک کی گفتگو اور معاہدے بہت اہم ہیں، مسائل سے نمٹنے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور مواقع سے فائدہ اٹھا جائیگا، صدر ازبکستان

تاشقند (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی 38 سے 2.4 فیصد پر لے آئے، ازبکستان کے ترقیاتی ماڈل سے مستفید ہوں گے، انتھک محنت سے پاکستان اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرے گا۔ تاشقند میں پاکستان اور ازبکستان کے مابین مختلف شعبوں میں تعاون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



ازبکستان: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ازبکستان کے ساتھ ایم اے یوز اور معاہدوں کی دستاویزات میڈیا کو دکھا رہے ہیں

وزیرِ اعظم شہباز شریف کی کانگریس سینٹر تاشقند آمد، گارڈ آف آنر پیش

تاشقند پہنچنے کے بعد وزیرِ اعظم پاکستان نے یادگار آزادی کا دورہ کیا، پھول رکھے

تاشقند (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف پاکستانی وفد کے ہمراہ کانگریس سینٹر تاشقند پہنچ گئے۔ ازبکستان کے صدر شوکت مرزایوف نے وزیرِ اعظم شہباز شریف کا استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم شہباز شریف کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اس سے قبل وزیرِ اعظم شہباز شریف ازبکستان کے 2 روزہ دورے پر دارالحکومت تاشقند پہنچے تھے۔ ازبک وزیرِ اعظم، وزیرِ خارجہ اور تاشقند کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

اسرائیل کا غیر قانونی قبضہ مشرق وسطیٰ میں بے امنی کی جڑ ہے، پاکستان

سلامتی کونسل فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہو، پاکستانی سفیر عاصم افتخار کا خطاب

نیویارک (این این آئی) پاکستانی سفیر عاصم افتخار نے غزہ میں مکمل اور فوری جنگ بندی پر زور دیا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے متبادل مستقل مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ سلامتی کونسل فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہو، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

موسمیاتی تبدیلی اس وقت بڑا چیلنج ہے، رومینہ خورشید عالم

اسلام آباد (این این آئی) کوآرڈینیٹر موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی اس وقت بڑا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

پاکستان ازبکستان کا تجارت 4 ارب ڈالر تک لانے کا فیصلہ

وزیرِ اعظم پاکستان اور ازبک صدر معاہدوں پر دستخط کرنے کی تقریب میں پہنچے جہاں دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کیے گئے

تاشقند (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تجارت اور سائنس سمیت مختلف شعبہ جات کی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کر دیے گئے، دونوں رہنماں نے آئندہ چار برس میں پاکستان اور ازبکستان کے مابین تجارت کے حجم کو 4 ارب ڈالر پر پہنچانے پر اتفاق کیا۔ وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے راجہ نصیر احمد شہید کو گولڈ میڈل سے نوازا گیا

کہوٹہ (این این آئی) تحصیل کہوٹہ کی عظیم شخصیت، پولیس کے بہادر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

عمران خان نے خیبر پختونخوا کابینہ کی کارکردگی، فنڈز کے استعمال سے متعلق رپورٹ طلب کرلی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا میں مبینہ کرپشن اور وزرا کی کارکردگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



چین کے شمالی شہر تیانجن کے تیانجن انٹرنیشنل کروز ہوم پورٹ پر ایک غیر ملکی سیاح شیر کے رقص کے مظاہرے سے محظوظ ہو رہی ہے۔ (شنہوا)

ملک بھر میں یوم للکار (آج) 27 فروری کو منایا جائے گا

27 فروری 2019ء وہ دن جب پاکستان نے بھارت کو سرپرائز دیا تھا

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر میں یوم للکار (آج) 27 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں منعقدہ تقریبات میں پاک فضائیہ کے شاہینوں کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ 27 فروری 2019ء وہ دن جب پاکستان نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)



لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ ڈی جی مائنز اینڈ منرلز منصور احمد سے زیر التواء کیسوں پر بریفنگ لے رہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی رخصت پر چلے گئے

جسٹس محسن اختر کیانی کی عدالت کی کازلسٹ منسوخ کر دی گئی: کورٹ ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی رخصت پر چلے گئے۔ جسٹس محسن اختر کیانی کیسز کی سماعت کے لیے دستیاب نہ ہوسکے۔ جسٹس محسن اختر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

جماعت اسلامی کے ہیڈکوارٹر منصورہ میں آکر مسرت ہوئی: ڈاکٹر ذاکر نائیک

نامور مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کا منصورہ میں دورہ تفسیر القرآن کے شرکا سے خطاب

لاہور (خبر نگار) نامور مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے منصورہ میں دورہ تفسیر القرآن کے شرکا سے خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن، سیکرٹری جنرل امیر العظیم، نائب امیر ڈاکٹر عطا الرحمٰن بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے کہا کہ جماعت اسلامی کے ہیڈکوارٹر منصورہ میں آکر مسرت ہوئی۔ دیگر ممالک میں جماعت اسلامی کے دفاتر کا دورہ کیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک منصورہ میں دورہ تفسیر القرآن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن بھی شریک ہیں

آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ بھارتی حکومت اور فضائیہ کی نااہلی کا ثبوت تھا

پاک فضائیہ نے ایک بھارتی طیارہ مار گرایا تھا، پاکستان ماضی میں کئی بار بھارتی فالس فلیگ آپریشن کے منصوبوں کو بے نقاب کر چکا ہے، رپورٹ

اگر کسی نے ہمیں انفارمیشن آپریشنز چلانے کا طریقہ سکھایا ہے، تو وہ پاک فوج کا شعبہ تعلقات عامہ ہے: سابق بھارتی جنرل سید عطا حسنین

اسلام آباد (این این آئی) آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کے پسِ پردہ حقائق آشکار ہوگئے، پلوامہ ڈرامہ بھارتی حکومت اور فضائیہ کی نااہلی اور بزدلانہ حرکت کا ثبوت تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 27 فروری 2019 کو بھارتی دراندازی کا پاک فضائیہ نے تاریخ ساز دفاع کیا تھا، 26 فروری کو بھارتی فضائیہ نے جعلی سرجیکل اسٹرائیک کا ڈرامہ رچایا، بھارت نے سرجیکل اسٹرائیک کے نام پر رات میں پاکستانی فضائی حدود کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

عسکری تنصیبات پر حملوں کا کیس: سپریم کورٹ کی حکومت پنجاب کو مہلت

پنجاب پراسیکوشن نے ملزمان کی ضمانت کے فیصلوں کی منسوخی کیلئے سپریم کورٹ سے رجوع کر رکھا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے 9 مئی کو راولپنڈی میں عسکری تنصیبات پر حملوں کے کیس کی سماعت کے دوران پنجاب حکومت کو رپورٹس جمع کرانے کی مہلت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

رمضان میں عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک افضل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

یکم مارچ سے پٹرول 4 روپے فی لٹر مہنگا ہونے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں 3 فیصد کم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

پنجاب یونیورسٹی میں ڈائریکٹر آئی ای آر کے دفتر پر طلباء تنظیم کے کارکنوں کا حملہ

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی میں ڈائریکٹر آئی ای آر کے دفتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اڈیالہ جیل کا 142 سالہ سفر، سابق وزرائے اعظم بھی قید رہے

یہ ایک تاریخی جیل تھی جس میں تحریک پاکستان کے حریت پسند بھی انگریز سرکار یہاں قید کرتی رہی

راولپنڈی (این این آئی) ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کا اڈیالہ جیل تک کا سفر 142 سال مکمل کر چکا ہے، اس جیل نے اب تک 4 مقامات تبدیل کیے اور پاکستان کے کئی سابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

پیکا ایکٹ میں ترمیم کیخلاف درخواست، حکومت سے جواب طلب

پیکا ترمیمی بل کی منظوری سے آئین میں دیا گیا آزادی اظہار شدید متاثر ہوگا، درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پیکا ایکٹ میں ترمیم کیخلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



ازبکستان کے صدر کو پاکستانی وفد کا تعارف کروایا جا رہا ہے

بوگس فائلز سکینڈل میں پیشرفت، نیب کا تحقیقات کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) نیب نے ایل ڈی اے میں بوگس فائلز سکینڈل میں پیشرفت کرتے ہوئے تحقیقات کا دائرہ کار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

صوبائی حکومت پنجاب قانون سازی کا عمل فوری مکمل کرے، الیکشن کمیشن

صوبائی حکومت الیکشن کمیشن کی صوبہ میں انتخابات کے انعقاد کے لئے ہر قسم کی معاونت کے لئے بھی تیار ہے، چیف سیکرٹری پنجاب

الیکشنز ایکٹ کی دفعہ 219 کے تحت الیکشن کمیشن وفاق اور صوبوں میں لوکل گورنمنٹس انتخابات کروانے کا پابند ہے: ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق کہا ہے کہ صوبائی حکومت پنجاب، قانون سازی کا عمل فوری مکمل کرے الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں الیکشن کمیشن کے فل بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے چیف سیکرٹری پنجاب اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

پنجاب، دن رات عدالتیں لگانے پر ماتحت عدلیہ کے 768 ججز رضامند، 979 کی معذرت

لاہور (این این آئی) پنجاب میں دن رات عدالتیں لگانے پر ماتحت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

وفاقی وزیر احسن اقبال کا نارووال یونیورسٹی میں فنون لطیفہ کی نمائش کا دورہ

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے نارووال یونیورسٹی میں فنون لطیفہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کا معاملہ، تحریک لبیک کے 3 ملزمان بری

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے تحریک لبیک کے تین کارکنان کو توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

ڈونلڈ ٹرمپ کی 5 ملین ڈالرز میں امریکی شہریت کی پیشکش

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ای بی 5 امیگرینٹ انویسٹر ویزا پروگرام کو گولڈ کارڈ میں تبدیل کرنے کی پیشکش کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امیر تارکینِ وطن کو گولڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

بیرسٹر سیف کا پنجاب کے اشتہاری بجٹ کی تحقیقات کا مطالبہ

سپریم کورٹ کے فیصلے خلاف ورزی، تحقیقات ہونی چاہیے کہ سرکاری پیسہ کیوں لٹایا گیا؟

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر محمد علی سیف نے پنجاب کے اشتہاری بجٹ کی تحقیقات کا مطالبہ کر دیا۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ پنجاب کے غریب عوام کا پیسہ اشتہاروں پر لٹایا جا رہا ہے، یہ سپریم کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)



کراچی: وائس چانسلر کے ایم یو، ڈائریکٹر بوش، پرو وائس چانسلر پروفیسر نازلی ڈاؤڈائس کا افتتاح کر رہے ہیں

عدالت نے میجر (ر) طاہر صادق کو حفاظتی ضمانت دے دی

پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے سابق رکن اسمبلی کو گرفتار کرنے سے روک دیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پولیس اور تمام متعلقہ ایجنسیوں کو پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سابق رکن قومی اسمبلی میجر (ر) طاہر صادق کو گرفتار کرنے سے روک لیا۔ پی ٹی آئی کے سابق ممبر قومی اسمبلی طاہر صادق کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

جمہوریت، آئین، قانون کی بحالی کیلئے سڑکوں پر جنگ ہوگی، عمر ایوب

اسلام آباد، راولپنڈی ہائیکورٹس الیکشن پی ٹی آئی جیت گئی، عنقریب عمران خان وزیراعظم پاکستان ہوں گے، اپوزیشن لیڈر

اپوزیشن کی 2 روزہ آئین تحفظ کانفرنس آج ہوگی، ہم نے کانفرنس کے لئے 3 مقامات رکھے ہیں، شاہد خاقان میزبان ہیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لینڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ جمہوریت، آئین، قانون کی بحالی کیلئے سڑکوں، پارلیمنٹ اور عدالتوں میں جنگ ہوگی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن کی 2 روزہ آئین تحفظ کانفرنس آج ہوگی، ہم نے کانفرنس کے لئے 3 مقامات رکھے ہیں، شاہد خاقان میزبان ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جمہوریت آئین قانون بحالی کیلئے سڑکوں پارلیمنٹ اور عدالتوں میں جنگ ہوگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور بہاولپور اور ڈی جی خان ریجنز کے انسداد کرائم جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہباز شریف کی ن لیگ میں میری واپسی کا کوئی چانس نہیں، محمد زبیر

پی آئی اے کی نجکاری مشکل، رواں سال بجٹ مین سرکلر ڈیٹ ختم کر کے بوجھ پھر عوام پر ڈالا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ شہباز شریف کی ن لیگ میں میری واپسی کا کوئی چانس نہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے محمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

سعودیہ اور عمان سمیت 7 ملکوں سے مزید 60 پاکستانی بے دخل

سعودی عرب سے بلیک لسٹ 7، 3 اور کنٹریکٹ کی خلاف ورزی پر 12 پاکستانی بے دخل

کراچی (این این آئی) سعودی عرب اور عمان سمیت 7 ملکوں سے 48 گھنٹوں میں مزید 60 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



لاہور: وزیر صنعت پنجاب چوہدری شافع حسین کا چین کی سرمایہ کار کمپنیوں کے نمائندہ وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز





کیپشن: این ٹی ڈی سی کی جانب سے مینجمنٹ پاور کنٹرول سنٹر میں نئے کنٹرول روم اور SCADA سسٹم کے گو-لائیو کے موقع پر منیجنگ ڈائریکٹر انجینئر محمد وسیم یونس، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر انجینئر قیصر خان، انجینئر رشید اے بھٹو اور دیگر افسران کا گروپ فوٹو

نیشنل گرڈ کی بہتر مانیٹرنگ اور مینجمنٹ کیلئے نئے کنٹرول روم اور SCADA سسٹم کا افتتاح

سکاڈا سسٹم کے جزوی گو-لائیو کا افتتاح ایم ڈی (این ٹی ڈی سی) انجینئر وسیم یونس اور سینئر افسران نے کیا

جدید ترین سکاڈا تھری منصوبے کے تحت 166 سٹیشنز میں سے 65 کنٹرول روم سے منسلک ہوچکے ہیں

سکاڈا تھری سسٹم گرڈ سٹیشنز کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ کی سہولت فراہم کرتا ہے: منیجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی

نیا سسٹم ترسیلی نظام میں مسائل کی فوری نشاندہی کرکے ان کے جلد حل کو یقینی بنائے گا: انجینئر وسیم یونس

300,3 کلومیٹر آپٹیکل گراونڈ وائر بچھانے کا کام مکمل، ٹیلی کام کے آلات کی تنصیب کا کام جاری



اسلام آباد (خبر نگار) مینجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی انجینئر محمد وسیم یونس مینجنگ ڈائریکٹر انجینئر رشید اے بھٹو اور جنرل منیجر (ڈی ایل ڈی) انجینئر ذوالفقار احمد رفعت حسن بھی موجود ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) مینجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی انجینئر محمد وسیم یونس نے مینجنگ ڈائریکٹر انجینئر رشید اے بھٹو کے ہمراہ نیشنل پاور کنٹرول سنٹر میں نئے کنٹرول روم میں SCADA سسٹم کے گو-لائیو کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر منیجنگ ڈائریکٹر انجینئر رشید اے بھٹو، جنرل منیجر (ڈی ایل ڈی) انجینئر ذوالفقار احمد رفعت حسن، جنرل منیجر (ایس او) انجینئر ناصر احمد، جنرل منیجر (میڈ یا اینڈ پبلک ریلیشنز) محمد ابراہیم، چیف انجینئر (آپریشن پلاننگ) انجینئر محمد ذکریا، چیف انجینئر (ٹیسٹ ورک آپریشن) انجینئر اعجاز علی، چیف انجینئر (سسٹم مینجمنٹ (تارکھ) اسلام آباد انجینئر شعیب خان و دیگر سینئر این ٹی ڈی سی افسران، کنٹریکٹر اور کنسلٹنٹ کے نمائندوں نے تقریب میں شرکت کی۔

حالیہ مسائل کو حل کیا جائے گا اور این ٹی ڈی سی مینجمنٹ اس سلسلے میں مکمل معاونت کرے گی۔ سکاڈا سسٹم کے علاوہ اس منصوبے میں انرجی مینجمنٹ سسٹم (ای ایم ایس) اور جنریشن مینجمنٹ سسٹم (جی ایم ایس) کا انضمام بھی شامل ہے۔ یہ نظام بجلی کی تقسیم کو بہتر اور پیداوار کو منظم بنانے کا حامل ہے جس سے وسائل کا استعمال زیادہ موثر ہوگا اور آپریشنل اخراجات میں کمی آئے گی۔ اس پراجیکٹ کے تحت 600,3 کلومیٹر آپٹیکل گراونڈ وائر (او پی جی ڈبلیو) بچھائی جائے گی جس سے 3300 کلومیٹر مکمل ہوچکی ہے، اس کے علاوہ منصوبے میں ٹیلی کام کے جدید آلات کی تنصیب اور نیشنل پاور کنٹرول سنٹر اور بیک اپ کنٹرول سینٹر (پی جی سی) کے درمیان متبادل آپٹیکل وریڈیو کمیونیکیشن لنک کا قیام بھی شامل ہے۔ یہ اقدامات رواں سال مکمل کر لئے جائیں گے۔ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (پی ایل ڈی) انجینئر قیصر خان، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (اے ٹی ایم) انجینئر رشید اے بھٹو، جنرل منیجر (ڈی ایل ڈی) انجینئر ذوالفقار احمد رفعت حسن، جنرل منیجر (ایس او) انجینئر ناصر احمد، جنرل منیجر (میڈ یا اینڈ پبلک ریلیشنز) محمد ابراہیم، چیف انجینئر (آپریشن پلاننگ) انجینئر محمد ذکریا، چیف انجینئر (ٹیسٹ ورک آپریشن) انجینئر اعجاز علی، چیف انجینئر (سسٹم مینجمنٹ (تارکھ) اسلام آباد انجینئر شعیب خان و دیگر سینئر این ٹی ڈی سی افسران، کنٹریکٹر اور کنسلٹنٹ کے نمائندوں نے تقریب میں شرکت کی۔

ڈی سی لاہور گورنمنٹ سکولوں میں بنیادی سہولیات کا جائزہ لینے کے لئے متحرک

لاہور: ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا گورنمنٹ پرائمری میئر سکول کا اچانک دورہ

لاہور (خبر نگار) ڈی سی لاہور نصابی سرگرمیوں کو ساتھ ساتھ لیکر چلیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ غیر نصابی سرگرمیوں سے طلباء و طالبات کی نشوونما ہوتی ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ بچے قوم کا معمار ہیں انہیں سدھارنے میں اساتذہ کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، انہوں نے کہا کہ بچوں میں تعلیم کی اہمیت سے متعلق شعور بیدار کریں، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کریں، ڈی سی لاہور نے سکول پرنسپل کو تھانہ جو تعاون کی یقین دہانی کرائی، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے سکول پرنسپل کو صفائی کے بہترین انتظامات بھی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔



لاہور: ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا گورنمنٹ پرائمری میئر سکول کا اچانک دورہ کیا، ڈی سی لاہور نے سکول کے مختلف کلاسز کا دورہ کیا، ڈی سی لاہور نے طلباء کی حاضری رجسٹر کا جائزہ لیا اور کہا کہ بچوں کی حاضری یقینی بنائی جائے، ڈی سی لاہور نے سکول پرنسپل کو نصاب و تدریس سے متعلق گفتگو کی اور کہا کہ اساتذہ ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی نبھائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ سکول انتظامیہ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کو ساتھ ساتھ لیکر چلیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ غیر نصابی سرگرمیوں سے طلباء و طالبات کی نشوونما ہوتی ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ بچے قوم کا معمار ہیں انہیں سدھارنے میں اساتذہ کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، انہوں نے کہا کہ بچوں میں تعلیم کی اہمیت سے متعلق شعور بیدار کریں، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کریں، ڈی سی لاہور نے سکول پرنسپل کو تھانہ جو تعاون کی یقین دہانی کرائی، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے سکول پرنسپل کو صفائی کے بہترین انتظامات بھی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔



لاہور: انفنی گارڈن فیز 7 کے ای ای او اینڈ میک ایلیم اعوان کا پانچ مرلہ پلاٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر دیگر ساتھیوں کے ہمراہ دعائے خیر کر رہے ہیں

غیر قانونی تعمیرات، غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف مہم جاری

مختلف سیکٹروں میں 69 املاک سربمہر، 6 غیر قانونی تعمیرات مسمار

لاہور (خبر نگار) ڈی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی تعمیرات، غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل نمبر ناہندگان املاک کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے دوسرے روز جوہر ٹاؤن، کینال روڈ اور علامہ اقبال ٹاؤن میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائیاں کر چار شفٹ پر 25 یونٹ، 12 ایف ون اور 867 آر ون پر قائم غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دیں۔ ٹیموں نے کینال روڈ، علامہ اقبال ٹاؤن میں غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے کینال روڈ پر زیر تعمیر غیر قانونی کمرشل املاک مسمار کر دی۔ ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن میں زیر تعمیر غیر قانونی کمرشل عمارت کا فرسٹ فلور مسمار کر دیا۔ علامہ اقبال ٹاؤن میں غیر قانونی سب ڈویژن اور غیر قانونی تعمیر پر املاک مسمار کر دی۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے مختلف علاقوں میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف کارروائیاں کر کے 69 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ٹھوکر نیاز بیگ، فیصل ٹاؤن میں 39 املاک، شادمان، نیو مسلم ٹاؤن میں 30 املاک سربمہر کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ریستوران، دکانیں، فارمیسی، بیوٹی پارلر، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلاننگ اسد اللہ خان، چیف آفیسر ٹاؤن ایڈمنسٹریشن اینڈ ریونیو اتھارٹی علی کی نگرانی میں کیا گیا۔ ڈی ایل ڈی اے کی ہدایت پر غیر قانونی تعمیرات، غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل نمبر ناہندگان املاک کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

یو ای ٹی لاہور نیو کیمپس کا لاشاہ کاکو میں سالانہ سپورٹس گالا کا انعقاد

طلباء نے باسکٹ بال، ہینڈ بال، اتھلیٹکس اور ٹیبل ٹینس کے مقابلوں میں بھی بھرپور حصہ لیا

تعلیمی اداروں میں غیر نصابی اور نصابی سرگرمیوں کی یکساں اہمیت ہے، ڈاکٹر تنویر قاسم

پڑھائی کیساتھ کھیلوں میں حصہ لینے سے طلباء کی ذہنی و جسمانی نشوونما ہوتی ہے

ڈاکٹر تنویر قاسم نے شاندار سپورٹس گالا کے انعقاد پر کیمپس کو آرڈیننس آفیسر کرنل شاہد عمران کو مبارک باد دی

طلباء کو عملی زندگی میں آگے بڑھنے اور ایک صحت مند زندگی گزارنے کے لئے غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینا چاہیے



لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور نیو کیمپس کا لاشاہ کاکو میں سالانہ سپورٹس گالا کا رنگا رنگ تقریب کا انعقاد، پی آر او یو ای ٹی ڈاکٹر تنویر قاسم کے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور سپورٹس گالا کا افتتاح کیا۔ سپورٹس گالا میں طلباء کے درمیان کرکٹ، ہیڈ مشن، فٹ بال، والی بال، رسہ کشی، باسکٹ بال، ہینڈ بال، اتھلیٹکس اور ٹیبل ٹینس کے الگ الگ مقابلہ جات ہوئے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر تنویر قاسم کا کہنا تھا تعلیمی اداروں میں غیر نصابی سرگرمیوں کی بھی اتنی ہی اہمیت ہوتی ہے جتنی کہ نصابی سرگرمیوں کی۔ پڑھائی کے ساتھ کھیلوں میں بھرپور حصہ لینے سے طلباء کی ذہنی و جسمانی نشوونما پر نہایت مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کھیل محض تفریح کے مواقع مہیا نہیں کرتے بلکہ کھیلوں کے ذریعے ہم اپنے طلباء کو نظم و ضبط کی عملی تربیت دے سکتے ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر تنویر قاسم نے شاندار سپورٹس گالا کے انعقاد پر کیمپس کوآرڈینیٹر پروفیسر ڈاکٹر شاہد عمران کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ طلباء کو عملی زندگی میں آگے بڑھنے اور ایک صحت مند زندگی گزارنے کے لئے غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینا چاہیے۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی نے مقابلہ جات میں حصہ لینے والی ٹیموں کو انعامات سے نوازا۔

والٹن روڈ پر کنٹونمنٹ بورڈ کے تجاوزات کے خلاف آپریشن

اندرون کمرشل گلیوں محلوں میں قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے مین والٹن روڈ کے علاقے بیدیاں روڈ، ایکڑی روڈ، شاہکاری روڈ کے بعد گزشتہ روز ڈی ہی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ بورڈ کی خصوصی ہدایات پر سی او اے والٹن کینٹونمنٹ بورڈ سلطین رضا کی زیر نگرانی، پولیس کی بھاری نفری سمیت عملے نے فی محلوں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع کر دیا گیا۔ سی او والٹن کینٹونمنٹ بورڈ سلطین رضا نے بتایا کہ اندرون کمرشل گلیوں محلوں میں قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے میں والٹن روڈ کے بعد چند روز میں غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر دیا جائے گا سلطین رضا کی والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے مطابق مکمل تجاوزات کے خاتمے کے بعد آپریشن اظہار پڑیر ہوگا۔





پاکستان چینی مدد سے اپنے آن لائن کاروبار میں انقلاب لانے کی صلاحیت رکھتا ہے: پی سی جے سی آئی چیف

ان میں سے چار چینی کمپنیاں ہیں جن میں سیٹ کریڈ فنانشل سروسز لمیٹڈ اور ہمراہ فنانشل سروسز لمیٹڈ ملک میں سرگرم ہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس انڈسٹری (PCJCCI) کے صدر نذیر حسین نے آج PCJCCI سیکرٹریٹ میں منعقدہ تھنک ٹینک سیشن کے دوران کہا کہ ملک میں پہلے سے کام کرنے والی چینی کمپنیوں کی مدد سے پاکستان آن لائن کاروبار میں انقلاب لاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دس لیگل فن ٹیک کمپنیاں کام کر رہی ہیں۔ ان میں سے چار چینی کمپنیاں ہیں جن میں سیٹ کریڈ فنانشل سروسز، مائیکرو کریڈ فنانشل سروسز لمیٹڈ اور ہمراہ فنانشل سروسز لمیٹڈ ملک میں سرگرم ہیں۔ صدر PCJCCI نے یہ بھی کہا کہ وہ کمپنیاں پاکستانی فن ٹیک انڈسٹری کو WeChat اور Alipay سے بھی جوڑ سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ WeChat نے پہلے ہی چین میں آن لائن کاروبار میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ صارفین کو WeChat کے ذریعے اپنی روزمرہ کی اشیاء آن لائن خرید و فروخت کرسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو شامل کرنا بہت ہی اہم ہے۔ ہم تکنیکی طبقے کے ان برانڈز کا پاکستان کی فنٹیک انڈسٹری اور سرکاری مالیاتی اداروں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ہر ریگیولیٹر منصور سعید شیخ (ریٹائرڈ)، سینئر نائب صدر PCJCCI نے کہا کہ کوئی بھی پاکستانی فنٹیک کمپنی جیسے UBL Jazz Cash،O m n i اور EasyPaisa وغیرہ کو WeChat کی طرز پر تیار کیا جاسکتا ہے۔ "فی الحال، مقامی فنٹیک کمپنیاں بین الاقوامی فنٹیک فرموں کے مخالف سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں۔ ہمیں ہم آہنگی پیدا کرنے اور ایک متفرد اور مشترکہ پلیٹ فارم بنانے کی ضرورت ہے، جو ہر کسی کے لیے قابل رسائی ہے۔ پاکستان میں 4G سسٹم اچھا ہے اور یہ 5G کی طرف بھی بڑھ رہا ہے۔ پاکستان کو اپنے ٹیٹ ورک کو ٹیکنالوجی کے قابل بنانا ہے۔ ظفر اقبال، نائب صدر PCJCCI نے مزید کہا کہ ہمیں انسانی وسائل کی ترقی کے لیے پاکستان کے لیے ٹیلی کمپیوٹر کے نام سے بھی واقف نہیں تھے۔ اس کے علاوہ وزیشنوں کے شہر کراچی کا سنہرا دور 43 منٹ میں طے کیا۔ بعد ازاں یہ ایئر لائن ترقی کی منازل طے کرتی رہی، یہاں تک کہ سال 1985ء میں ادارے ایئر لائن کا آغاز بھی پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) سے طیارے پرزے لے کر کیا گیا تھا۔ پی آئی اے کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو 10 فروری 1955ء کو پی آئی اے کی پہلی فلائٹ پرواز نے کراچی سے لندن براستہ قاہرہ کیلئے اڑان بھری۔ اس ایئر لائن کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ یہ ایشیا کی پہلی ایئر لائن ہے جس نے سب سے پہلے جیٹ طیاروں کو اپنے بیڑے میں شامل کیا۔ پی آئی اے ان گنے چنے ایئر لائنز میں سے ایک ہے جو 1956ء میں اپنے جہاز خریدے گئے، سال 1962ء میں اس ایئر لائن نے تاریخی ریکارڈ قائم کرتے ہوئے لندن سے کراچی تک کا فاصلہ صرف چھ گھنٹے

پی آئی اے وطن عزیز کا فخر اور سر کے تاج کا درجہ رکھتی ہے: شہزاد منیر

عظیم انقلابی شاعر فیض احمد فیض کے مشہور و معروف فرمایا کمال لوگ لاجواب سروس اور گریٹ پیپل ٹو فلائی وِد پی آئی اے کے نام کیا



جب یہاں 40 ایئر کرافٹ کمپنیاں لینڈ کیا کرتی تھیں اور ان میں سے 30 کمپنیوں کے فضائی اور زمینی عملے کی تربیت کا کنٹریکٹ پی آئی اے کے پاس تھا۔ انقلابی شاعر فیض احمد فیض کے مشہور و معروف فرمایا کمال لوگ لاجواب سروس اور گریٹ پیپل ٹو فلائی وِد پی آئی اے کے نام کیا۔

لاہور: فلیٹوں کی آڑ میں قحبہ خانے چلانے والوں کے خلاف کارروائی

تین مرد و خواتین رنگ رلیاں مناتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار ہوگئے پولیس نے گرفتار مرد و خواتین پر مقدمات درج کرلیا ہے



لاہور (خالد صدافی سے) لاہور ڈی ائی جی پریشنز اور ایس ایس پی ڈی ائی کی ہدایت پر ہنولوں اور فلیٹوں کی آڑ میں قحبہ خانے چلانے والوں کے خلاف ایس ایچ او تھانہ کینٹ محمود اور ان کی ٹیم نے فلیٹ رہائشی فلیٹ پر چھاپے کے دوران مرد و خواتین کو رنگے ہاتھوں گرفتار ہوگئے پولیس نے گرفتار مرد و خواتین کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ ایس ایچ او تھانہ کینٹ محمود نے کہا کہ ٹریفک کے بہاؤ کے لئے تجاوزات کا خاتمہ لازمی ہے، انہوں نے کہا کہ جگہیوں و موٹیشوں کے اخلاف کے لئے تھی فلیٹ میں موجود ہیں اور جگہیوں میں قحبہ خانہ چلانے والوں کو سخت سے سخت سزا دلوائیں گے۔ ڈی سی او لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ ٹریفک کے بہاؤ کے لئے تجاوزات کا خاتمہ لازمی ہے، انہوں نے کہا کہ جگہیوں و موٹیشوں کے اخلاف کے لئے تھی فلیٹ میں موجود ہیں اور جگہیوں میں قحبہ خانہ بدھوں وقتیاں پکڑیں پنتھل کیا جائے، ڈی سی او لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ زیر اہل جانب مرکز تو شریف کی ہدایت پر تھین مشن مکمل کے لئے کوشاں ہیں۔

کلین مشن جاری/ ڈی سی لاہور فیلڈ میں متحرک مختلف مقامات کے دورے

لاہور: چپے چپے والی گلی، ہیبر واطراف میں صفائی اقدامات کا جائزہ

لاہور (خبر نگار) کلین مشن کے حوالے سے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تفصیل صدر کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ انہوں نے چاچو والی گلی، ہیبر واطراف میں صفائی اقدامات کا جائزہ لیا اور ایم ای ایل شاہد عباس کاظمیا اسسٹنٹ کمشنر صدر معدیہ کو ورکنگ دیگر افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ڈی سی او لاہور کی ہدایات پر ہر صورت کلین مشن کو کامیاب بنانا ہے۔ کلین مشن کے تحت ہر چپے چپے پر صفائی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، ڈی سی او لاہور کا کہنا تھا کہ صفائی میکانزم پر مملدرآمد یقینی بنایا جائے اور زندگی جمع ہونے والی جگہ پر ڈی سی او لاہور نے کہا کہ ریل ٹیلیوا ہی ہی حکام فیلڈ میں سر پر ایزور کے کریں اور درگزشت رپورٹ پیش کریں، ڈی سی او لاہور نے کہا کہ کوڑا خزانہ ہے۔ یہ منصوبہ صرف ہال روڈ کی زیبائش کے متعلق نہیں ہے بلکہ ہم نے ورثے کو محفوظ رکھنے کے لئے بھی کام کرنا ہے۔ ہال روڈ کی دیواروں پر جو تاریخی نقوش ہیں ان کو بھی محفوظ رکھنا ہے۔ ہال روڈ کی دیواروں پر جو تاریخی نقوش ہیں ان کو بھی محفوظ رکھنا ہے۔ ہال روڈ کی دیواروں پر جو تاریخی نقوش ہیں ان کو بھی محفوظ رکھنا ہے۔







نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
غروب آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین
1:30 بجکے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو اکھوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 27 فروری 2025ء

رمضان المبارک خاص رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

رمضان المبارک کا یہ مقدس مہینہ امن وامان، بھائی چارہ کے فروغ، جذبہ ایثار اور غرباء کی مدد کا بھی درس دیتا ہے: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے۔ ماہِ صیام اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے لیے ایک خاص اور انمول تحفہ ہے جس میں ہم اپنے گناہوں کی بخشش، اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر بنانے کے لیے دین اسلام اور سنت محمدی ﷺ پر عمل پیرا ہو کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور انعام حاصل کر سکتے ہیں۔ رمضان المبارک کا یہ مقدس مہینہ امن وامان، بھائی چارہ کے فروغ، جذبہ ایثار اور غرباء کی مدد کا بھی درس دیتا ہے۔ اس لیے ہمیں مذہبی ہم آہنگی، عفو و درگزر سے کام لیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور برکتوں کو سمیٹنا چاہیے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ضلعی امن کمیٹی اور بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عاطف نذیر، مقامی علمائے کرام، ضلعی انتظامیہ کے افسران، سماجی برادری کے سرکردہ افراد اور کمیٹی کے دیگر اراکین اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ماہِ صیام میں احترام رمضان آرڈیننس پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائیگا اور بغیر اجازت کسی بھی جگہ پر ہوٹل وغیرہ کھولنے کی ہرگز اجازت نہیں ہو گی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے دوران ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو معیاری اور سستی اشیاء کی فراہمی کے لیے خصوصی اقدامات کرتے ہوئے سہولت بازار قائم کیے جائینگے جبکہ اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کو الٹی اور دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو بھی تمام مارکیٹوں، بازاروں کی خصوصی مانیٹرنگ کی ہدایات جاری کی گئی ہیں تا کہ کوئی بھی دوکاندار مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مہنگے داموں اشیائے خوردونوش فروخت نہ کر سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ اس رحمتوں اور برکتوں والے ماہِ صیام میں عوام کو رواداری، صبر و تحمل، امن و امان اور ایک دوسرے کی مدد کا درس دیں۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کی کینٹین پر ناقص اور غیر معیاری پانی کو مہنگے داموں منرل واٹر کے طور پر فروخت کیے جانے کا انکشاف

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کی کینٹین پر ناقص اور غیر معیاری پانی کو مہنگے داموں منرل واٹر کے طور پر فروخت کیے جانے لگا جبکہ چائے میں ملاوٹ شدہ دودھ کے استعمال کی شکایات بھی عام ہو گئیں۔ جس سے مریض اور انکے لواحقین پریشان ہو کر رہ گئے۔ ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور انکے لواحقین کا کہنا ہے کہ کینٹین پر فروخت ہونے والا پانی جو منرل واٹر کے نام پر بکتا ہے عام فلٹر شدہ پانی کا پانی ہوتا ہے جو مقامی سطح پر ہی بوتلوں میں بھرا جا رہا ہے اور صحت کے لیے مضر ثابت ہو سکتا ہے۔ اسی طرح، چائے میں بھی ملاوٹ شدہ دودھ استعمال ہونے کے شواہد ملے ہیں، جس کی وجہ سے شہری مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ متاثرہ افراد نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ہسپتال کی کینٹین پر فروخت ہونے والی اشیاء کا معیار جانچنے کے لیے فوری اقدامات کریں اور غیر معیاری و مہنگے داموں فروخت ہونے والی اشیاء کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا

مذہبی ہم آہنگی، اتحاد و اتفاق اور بھائی چارے کی فضا کو قائم و دائم رکھنے کے لئے امن کمیٹی کے ارکان کا تعاون ناگزیر ہے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمدکی مشترکہ صدارت میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے امن کمیٹی کے ارکان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں ماہ صیام کے دوران امن وامان کا قیام ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی ہم آہنگی، اتحاد و اتفاق اور بھائی چارے کی فضاء کو قائم و دائم رکھنے کے لئے امن کمیٹی کے ارکان کا تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرتی امن اور مذہبی رواداری کی فضاء برقرار رکھنے کے لئیعلماء کرام کی شاندار خدمات قابل ستائش ہیں۔ رمضان کا مبارک مہینہ تمام مسلمانوں کے لئے یکساں عقیدت واحترام کا حامل ہے جس کے تقدس کو مشترکہ اقدامات سے بہر صورت برقرار رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام محراب ومنبر سے مذہبی رواداری، پیار و محبت کا درس دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ماہ صیام میں خریداروں کو رعایتی نرخوں پر اشیاء کی دستیابی کے انتظامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ نماز تراویح کے موقع پر مساجد کے باہر سیکیورٹی کے انتظامات یقینی بنائیں گیاور علماء کرام کی تجاویز کا بھی خیر مقدم کیا جائے گا۔ ڈی پی او نے ماہ صیام کے دوران ترتیب دیئے گئے سیکیورٹی انتظامات سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران علما کرام نے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ امن ہم سب کی ضرورت ہے۔ آخر میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، امن وسلامتی، اتحاد و یکجہتی اور خیر و برکت کی دعا کی گئی۔

غزہ فلسطین کا مسئلہ کوئی سیاسی یا علاقائی مسئلہ نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کا اجتماعی درد ہے

مرکز المدینہ کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان تقریبِ تکمیل قرآن منعقد ہوئی



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) غزہ فلسطین کا مسئلہ کوئی سیاسی یا علاقائی مسئلہ نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کا اجتماعی درد ہے، مرکزی نائب صدر پروفیسر حافظ محمد طلحہ سعید تفصیلات کے مطابق سیکٹر مرکز المدینہ کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان تقریب تکمیل قرآن منعقد ہوئی، جس میں معزز علمائے کرام، جماعتی رہنماؤں، کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے مرکزی نائب صدر پروفیسر حافظ محمد طلحہ سعید نے خصوصی خطاب فرمایا ان کی آمد پر ضلع نکانہ کے جنرل سیکرٹری انجینئر شاقب مجید کی قیادت میں شاندار استقبال کیا گیا جہاں شرکاء نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے پھولوں کے ہار بھی پہنائے تقریب سے خطاب کے دوران پروفیسر حافظ محمد طلحہ سعید نے امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالی اور اس بات پر زور دیا کہ تمام مسائل کا حل قرآن پاک کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہے انہوں نے فرمایا پاکستان اور امت مسلمہ کو درپیش تمام مشکلات کا واحد حل اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے تھامنے میں ہے جب ہم قرآن پاک کی روشنی میں اپنی زندگیاں سنواریں گے، تبھی کامیابی ہمارا مقدر بنے گی۔ ※ پروفیسر حافظ محمد طلحہ سعید نے فلسطین، بالخصوص غزہ میں جاری مظالم پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اہل غزہ کے صبر جو حوصلے اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ غزہ میں معصوم بچے، عورتیں اور بزرگ بے گناہ قتل کیے جا رہے ہیں، گھروں کو تباہ کیا جا رہا ہے، اور بیماروں کو علاج تک کی سہولت میسر نہیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بحیثیت مسلمان یہ ہمارا دینی اخلاقی اور انسانی فرض ہے کہ ہم اہل غزہ کی ہر ممکن مدد کریں۔ قرآن پاک اور سنت ہمیں مظلوموں کے حق میں کھڑا ہونے اور ان کی حمایت کرنے کا درس دیتے ہیں، یہ محض کوئی سیاسی یا علاقائی مسئلہ نہیں بلکہ امت مسلمہ کا اجتماعی درد ہے ہمیں صرف دعاؤں تک محدود نہیں رہنا چاہیے، بلکہ عملی طور پر بھی اپنے فلسطینی بھائیوں کی مدد کرنی چاہیے۔

مارکیٹوں میں یونیفارم پرنٹنگ والی نئے ڈیزائن کی 300 باسکٹ لگائی گئیں

گوجرانوالہ: (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب، صاف خوبصورت گوجرانوالہ مہم کے تحت کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا گوجرانوالہ کو صاف اور خوبصورت بنانے کیلئے ایک اور انقلابی اقدام سوا کروڑ روپے کی لاگت سے ٹی ٹی گلوبل کی مدد سے پہلے مرحلے میں گوجرانوالہ سٹی اور صدر کی تمام اہم شاہراہوں، مارکیٹوں میں یونیفارم پرنٹنگ والی نئے ڈیزائن کی 300 باسکٹ لگانی کا عمل شروع کر دیا گیا۔ نئی خوبصورت ڈیزائن کی ڈسٹ بین کا وزن 57 کلو گرام اور دھاتی مٹیریل سے تیار اس ڈسٹ بین میں 200 کلو گرام کوڑا ڈالا جائیگا۔ ان 300 ڈسٹ بین کے بعد مزید بھی لگائے جائیں گی ان خیالات کا اظہار کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ اقبال ہائی سکول کی سامنے جی ٹی روڈ پر اس ضمن میں منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے بتایا کہ شہر کی تمام اہم شاہراہوں پر انکی حفاظت کے پیش نظر جہاں سی سی ٹی وی کیمرہ نصب کئے گئے ہیں وہاں اور مارکیٹوں کے دوکانداروں کو بھی انکی حفاظت کا پابند بنایا جائے گا اس کے علاوہ مارکیٹوں، بازاروں میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مونثر بنانے کیلئے یکساں ڈیزائن کی ڈسٹ بین (کوڑے دان) لگائے جا رہے ہیں۔

حکومت مہنگائی کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے: امجد نذیر بٹ

ملک سے انتشار اور انارکی کی سیاست کا خاتمہ کیا جائے گا، قوم کو یرغمال بنانے کی کوشش کرنے والے بدامنی کو بڑھاوا دینے میں کامیاب نہیں ہونگے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ (ن) لیگ عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے جو ملکی تعمیر وترقی و عوامی خوشحالی یقینی بنا رہی ہے حکومت مہنگائی کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے جس کی تکمیل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں، ملک سے انتشار اور انارکی کی سیاست کا خاتمہ کیا جائے گا، قوم کو یرغمال بنانے کی کوشش کرنے والے بدامنی کو بڑھاوا دینے میں کامیاب نہیں ہونگے، وطن عزیز پاکستان ہمارے آباؤ اجداد نے لازوال قربانیوں کے بعد حاصل کیا تمام سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ دل وجان سے وطن کی ترقی کیلئے محنت کریں، جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہو کر جہد مسلسل ہی سے پاکستان کا نام اقوام عالم میں روشن کیا جاسکتا ہے، وطن عزیز سے محبت کا تقاضا ہے کہ سبز ہلالی پرچم کی سربلندی کیلئے بھرپور محنت کی جائے اور اقوام عالم میں اس کے وقار میں اضافہ کرنے کیلئے ہر شعبہ میں نمایاں خدمات سرانجام دی جائیں، اہل وطن سے کیے گئے تمام وعدے وفا کرنے کا واحد راستہ ملکی تعمیر وترقی میں ہر ممکن کردار ادا کرنا ہے جس کیلئے موجودہ حکومت تمام توانائیاں اور وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور اس کا زکی تکمیل کی خاطر کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی ملکی استحکام وترقی اور قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، باہمی نفرتوں کے خاتمے سے ہی فلاحی معاشرے کی تشکیل ممکن ہے جس کیلئے برداشت کا کلچر پروان چڑھانا ہوگا اگر آج ہمیں ایک آزاد اسلامی ملک پاکستان حاصل نہ ہوتا تو ہمیں ہندوؤں کی غلامی لاحق ہوتی، محسن پاکستان میاں نواز شریف کی سرپرستی میں وزیر اعظم شہباز شریف ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے سرگرم عمل ہیں اپوزیشن رہنما کاوٹیں کھڑی کرنے کی بجائے ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کے عمل میں حکومت کا ساتھ دیں۔

حکومت کے ساتھ ملکر تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں: بیرسٹر عثمان ابراہیم

طالب علموں کو نصیحت کی کہ وہ محنت، دیانتداری اور علم کے حصول کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں کیونکہ آج کے طالب علم کل کے رہنما ہیں: سابق وفاقی وزیر



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو/ رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سابق وفاقی وزیر بیرسٹر عثمان ابراہیم نے کہا ہے کہ نجی تعلیمی ادارے حکومت کے ساتھ ملکر تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ جامعہ ادریسیہ گرلز ہائی سکول طالب علموں کی کردار سازی میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے طالب علموں کو نصیحت کی کہ وہ محنت، دیانتداری اور علم کے حصول کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں کیونکہ آج کے طالب علم کل کے رہنما ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ ادریسیہ گرلز و بوائز ہائی سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر انجمن ادریسیہ ویلفیئر الحاج محمد جمیل بھٹی نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ادارے میں داخل ہونے والا ہر بچہ یا بچی مستقبل میں کچھ بننے کے خواب کیساتھ آتا ہے، استاد بچے کی کردار سازی کے ذریعے اسکی چھپی صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ادریسیہ گرلز ہائی سکول گزشتہ کئی دہائیوں سے طالب علموں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر انسان چاہے وہ غریب ہو یا امیر، مرد ہو یا عورت ہر ایک کی بنیادی ضرورت ہے اور بلا شبہ تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کے لئے ترقی کی ضامن ہے اور یہ وہ زیور ہے جو انسان کا کردار سنوارنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر مہمانان گرامی نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے والے طلبہ وطالبات میں انعامات تقسیم کیے اور ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ طالب علموں نے ملی نغمے، ٹیبلو اور تقاریر پیش کر کے حاضرین کے دل جیت لیے۔

لاہور ڈویژن کک بوکسنگ کے مقابلہ جات نکانہ میں کنگفو اکیڈمی کے زیر اہتمام گذشتہ روز اختتام پذیر

مقابلوں میں لاہور نکانہ، قصور اور شیخوپورہ اضلاع کے کھلاڑیوں نے شرکت کی، کھلاڑیوں میں انعامات بھی تقسیم کئے گئے







نکانہ صاحب (رانا اسامہ) لاہور ڈویژن کک بوکسنگ مقابلہ جات نکانہ میں اختتام پذیر تفصیلات کے مطابق لاہور ڈویژن کک بوکسنگ کے مقابلہ جات نکانہ میں کنگفو اکیڈمی کے زیر اہتمام گذشتہ روز اختتام پذیر ہو گئے جس میں لاہور، نکانہ، قصور اور شیخوپورہ اضلاع کے کھلاڑیوں نے شرکت کی، مقابلہ جات میں نکانہ کے کھلاڑیوں نے 95 فیصد نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن لاہور نے 85 فیصد نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن قصور ٹیم نے 45 فیصد نمبر کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی جس کے مہمان خصوصی رانا جمیل گاڈھی سیل پٹرول پمپ والے تھے یہ کامیاب کھلاڑیوں میں سماجی کارکن رانا اشرف گاڈھی، رانا سلیل گاڈھی اور رانا اسامہ اعظم نے انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر عثمان سفیق ہیڈ کوچ قذافی اسٹیڈیم محمد حفیظ ممبر پنجاب سپورٹس بورڈ، حسن علی جنرل سیکرٹری پاکستان، ندیم یوگی جنرل سیکرٹری قصور، رانا اشرف گاڈھی، رانا سلیل گاڈھی، رانا عمیر گاڈھی، حافظ احد گاڈھی، رانا علی گاڈھی، رانا عدیل گاڈھی، جمیل سیٹھ، محمد یٰسین، محمد اسلم بھان، محمد آصف چیمہ اور چوہدری حبیب اسلم بھی موجود تھے تقریب تقسیم انعامات کے اختتام پر رانا عامر گاڈھی نے کہا کہ محنتی اور تجربہ کار کھلاڑی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جن کو میں قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ کھیلوں کے فروغ کی وجہ سے ہی اچھی صحت برقرار رکھنا ممکن ہے۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا

اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد اکرم وٹو اور ایس ڈی او بائی وے محمد طاہر موجود تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا اور عارفوالہ کے درمیان آمدورفت کو بہتر بنائے گا اور عوام کے لیے سفر کو آسان بنائے گا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اس منصوبے کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ اس سڑک کی بحالی سے نہ صرف شہر کی اقتصادی سرگرمیاں بڑھیں گی بلکہ ساہیوال و گردونواح کے اضلاع کے شہریوں کو بہتر سفری سہولت بھی میسر ہوگی۔ دوسرا منصوبہ روڈ اڈہ شریں والا موڑ سے نائی والا بنگلہ کی بحالی اور بہتری کا ہے جس کی لمبائی 5.13 کلو میٹر ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر کے مضافاتی علاقوں کو بہتر روڈ نیٹ ورک سے جوڑنا اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا ہے۔



اور ان منصوبوں کی تکمیل کی رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد اکرم وٹو اور ایس ڈی او بائی وے محمد طاہر کے ساتھ نیسپاک کی متعلقہ ٹیم کے ممبرز بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ان منصوبوں میں ساہیوال تا عارفوالہ روڈ کی بحالی اور شریں والا موڑ سے نائی والا بنگلہ تک روڈ کی بہتری شامل ہیں۔ پہلا منصوبہ ساہیوال تا عارفوالہ روڈ کی بحالی ہے جس کی کل لمبائی 27 کلو میٹر ہے۔ یہ منصوبہ ساہیوال

ریلوے کے افسران قبضہ مافیا کے آگے بے بس کیمبر قادر آباد ریلوے زمین پر ناجائز تجاوزات کی بھرمار

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) ریلوے کے افسران قبضہ مافیا کے آگے بے بس کیمبر قادر آباد ریلوے زمین پر ناجائز تجاوزات کی بھرمار اور قبضہ مافیا کا راج ریلوے حکام نیند خرگوش کے مزے میں اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کا قبضہ مافیا اور ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ اپریشن جاری لیکن بدقسمتی سے وفاقی حکومت کے ادارے قبضہ مافیا اور ناجائز تجاوزات کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں کیمبر قادر آباد میں ریلوے کی قیمتی زمین پر قبضہ مافیہ کا راج پختہ ناجائز تجاوزات قائم جس سے ٹریفک کی روانگی شدید متاثر شہری پریشان ریلوے حکام نااہلی اور غفلت کی نیند میں خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا شہر کے مختلف پرائیوٹ سکولوں کا دورہ



ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا شہر کے مختلف پرائیوٹ سکولوں کا دورہ، طلبہ و طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا مختلف سکولوں میں صفائی کے ناقص انتظامات پر اظہار ناراضگی، انتظامیہ کو ایک ہفتے میں صفائی بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سکول میں کلاس رومز کی صفائی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کمرے ہوادار ہونے چاہیں۔ انہوں نے لائبریریز کو بھی چیک کیا اور کہا کہ لائبریری میں ایشو بک رکھی جائے۔ دورہ کیا۔ ساہیوال بورڈ کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے سکولوں میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی کے ناقص انتظامات پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے سکول انتظامیہ کو ایک ہفتے میں صفائی بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سکول میں کلاس رومز کی صفائی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کمرے ہوادار ہونے چاہیں۔ انہوں نے لائبریریز کو بھی چیک کیا اور کہا کہ لائبریری میں ایشو بک رکھی جائے۔

حالیہ بارشوں سے گندم کی فصل بہترین ہو گیم: حمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

پنجاب میں 1 کروڑ 62 لاکھ ایکڑ پر گندم بوئی گئی ہے: چیئرمین چیمبر آف ایگریکلچر



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) چیمبر آف ایگریکلچر اینڈ لائیو اسٹاک کے چیئرمین محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ گندم کا مقررہ ہدف کے حصول کیلئے موسمی حالات بہت بہتر ہے حالیہ بارشوں کے باعث گندم کی فصل پر مثبت اثرات مرتب ہوئے پنجاب میں ایک کروڑ 62 لاکھ ایکڑ رقبے پر کاشت کی جانے والی گندم کی فصل کی پیداوار میں بہت زیادہ اضافہ ہوگا اور سرکاری سطح پر مقررہ ہدف ممکن اور پورا ہو سکے گا یہ خوش آئند امر ہے کہ اس سال زرعی ترقیاتی ادارہ فیصل آباد کے سائنس دانوں کی متعارف کردہ گندم کی نئی اقسام جدید پیداواری ٹیکنالوجی اور کاشت کاروں کی بھرپور محنت سے گندم کی پیداوار میں ریکارڈ اضافہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ کسان جس قدر محنت اور جدوجہد کر رہے ہیں اس کے نتیجہ خیز اثرات مرتب ہوں گے اور پاکستان کو خوراک کے لیے درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے میں آسانی ہوگی انہوں نے یہ بھی کہا کہ حالیہ بارشوں کے باعث عام انسان کی صحت پر بھی بہت اچھے اثرات مرتب ہوں گے کیونکہ سردی کے موسم میں خشک سردی کے باعث بے شمار بیماریوں نے جنم لیا لیکن اللہ تعالیٰ کے مشکور ہیں۔

دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں انٹرنیشنل سٹوڈنٹس کنونشن کا انعقاد

دنیا بھر کے 35 ممالک کے 45 یونیورسٹیوں کے 200 سے زائد سٹوڈنٹس کی شرکت



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں انٹرنیشنل سٹوڈنٹس کنونشن میں دنیا بھر کے 35 ممالک کے 45 یونیورسٹیوں کے 200 سے زائد طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے چیئرمین بورڈ آف گورنرز محمد حیدر امین، قازقستان انٹرنیشنل چیمبر آف کامرس کے نمائندے التائیو دانیار، ڈائریکٹر جنرل افریقہ منسٹری آف فارن افیئرز اسلام آباد ڈاکٹر احمد علی سروہی، جی ایم اٹلس ہنڈا لمیٹڈ محمد ظفر اقبال، یونیورسٹی آف ایگری کلچر ملتان کے وائس چانسلر پروفیسر اشتیاق اے رجوانہ، ریکٹر پی اے ایف ہری پور پروفیسر ڈاکٹر محمد مجاہد، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم، جی یونیورسٹی وویمن یونیورسٹی آف فیصل آباد کی وائس چانسلر ڈاکٹر کنول امین، ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سیکٹر یونیورسٹیز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مرتضیٰ نور، جنرل منیجر ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ جناب انجینئر نگ ڈاکٹر محمد عارف، یونیورسٹی کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ، رجسٹرار ڈاکٹر زاہدہ مقبول اور ڈین فیکلٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ماجد حسین شریک تھے۔ ڈاکٹر امان اللہ نے اپنے خطاب میں مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور امید ظاہر کی کہ ایسے انٹرنیشنل کنونشنز ممالک کے مابین تعلیمی روابط کو فروغ دینے اور ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ممہمان طلبہ و طالبات کیلئے جدید نظام تعلیم اور انٹرنیشپ میں آرٹی فیشل انٹیلیجنس کا استعمال، سٹریس مینجمنٹ اور دیگر موضوعات پر پینل ڈسکشنز کا انعقاد کیا گیا جس میں ملکی و بین الاقوامی ماہرین نے خیالات کا اظہار کیا اور طلبہ و طالبات نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ غیر ملکی طلبہ و طالبات نے یونیورسٹی کے مختلف شعبوں اور لیبارٹریز کا دورہ کیا۔

ضلع کی تینوں تحصیلوں میں رمضان سہولت بازار قائم کر دیے گئے

تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے رمضان سہولت بازاروں کے انعقاد کے سلسلے میں انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلع کی تینوں تحصیلوں میں رمضان سہولت بازار قائم کر دیے گئے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا رمضان سہولت بازاروں میں سہولیات کا جائزہ لیا، اس موقع پر تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے رمضان سہولت بازاروں کے انعقاد کے سلسلے میں انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دی، انہوں نے بتایا کہ حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق ضلع کی تینوں تحصیلوں میں رمضان سہولت بازار قائم کر دیے گئے ہیں، تحصیل اوکاڑا میں فنیال گراؤنڈ، رینالہ خورد میں ویلکم روڈ چلڈرن پارک اور تحصیل دیپالپور کے فاطمہ جناح پارک میں رمضان سہولت بازار قائم کر دیے گئے ہیں، جن میں عوام کو مارکیٹ ریٹ سے کم نرخوں پر کریانہ آئٹمز، سبزیوں، پھلوں، گوشت سمیت مختلف اشیاء خورونوش فراہم کرنے کے لیے سٹالز لگا دیے گئے ہیں اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے ماہ صیام کے لیے خریداری کے سلسلہ میں ان سہولت بازاروں کا رخ کر لیا ہے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق تمام رمضان سہولت بازاروں میں سستی اور معیاری اشیائے خورونوش وافر مقدار میں فراہم کی جا رہی ہیں، عوام الناس ان رمضان سہولت بازاروں سے رمضان المبارک کی خریداری کر کے بھرپور طریقے سے فائدہ اٹھائیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ستھرا پنجاب مہم کے تحت ضلع بھر کے مختلف یونین کونسلز کے دیہات میں شہری طرز کی سہولیات وہم پہنچائی جا رہی ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ستھرا پنجاب مہم کے تحت ضلع بھر کے مختلف یونین کونسلز کے دیہات میں شہری طرز کی سہولیات وہم پہنچائی جا رہی ہیں تا کہ شہروں کی طرح دیہات میں بھی عوام کو صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول فراہم کیا جا سکے اس سلسلہ میں عملہ صفائی محنت اور جانفشانی کے ساتھ فرائض سرانجام دے رہا ہے، ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ صاف ستھرا ماحول صحت مند زندگی کا ضامن ہے، عوام الناس کو چاہیے کہ صفائی ستھرائی کو اپنا شعار بنائیں اور دوسروں کو بھی صفائی کی تلقین کریں، دیہات کے لوگ صفائی ستھرائی کے لیے عملہ صفائی کے ساتھ بھرپور تعاون کریں،

سرکاری ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی، عوام دربدر کے دھکے کھانے پر مجبور

ٹی ایچ کیو ہسپتال روڈز کے ساتھ لٹ ٹائل اس کمزور طبقہ کے لیے احساس محرومی کا منہ بولتا ثبوت ہے



عارف والا (امیر احمد خان سے) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ ایک نظر میرے شہر عارف والا کے باسیوں کی ابتر صورتحال پر بھی ڈالیں غریب عوام سرکاری ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی سے دربدر کے دھکے کھانے پر مجبور جبکہ ٹی ایچ کیو ہسپتال روڈز کے ساتھ لٹ ٹائل اس کمزور طبقہ کے لیے احساس محرومی کا منہ بولتا ثبوت ہے چیف ایگزیکٹو مرکزی انجمن تاجران محمد حسین حسینی تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ناگہانی موت کے بعد جانے والی میت کے لواحقین سے پوسٹ مارٹم کیلئے 10 سے 12 ہزار روپے کا سامان تک باہر سے منگوایا جاتا ہے مقامی سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنی مصروفیات سے تھوڑا وقت نکال کی ہسپتال کے مسائل میں کمی لانے میں مدد کریں صدر سٹیزن ایکشن موومنٹ محمد ابرار شیخ ایڈووکیٹ دوران ایکسیڈنٹ ہسپتال جانے والے زخمیوں کو فرسٹ ایڈ کا طبی سامان جس میں پاؤں ڈین ٹانکے لگانے والا دھاگہ تک باہر سے من

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مریم نواز کی پنجاب حکومت کا پہلا سال عوام کی خدمت کی نادر مثال

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی سربراہی میں پنجاب حکومت کا ایک سال مکمل ہوا۔ یہ کامیابیوں اور کامرانیوں کا سال ہے جس میں ترقی اور خوشحالی کا آغاز ہو چکا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے ایک سال میں بے شمار کامیابیاں سمیٹیں، جنہیں تاریخی عوامی خدمت کا نمونہ قرار دیا جا رہا ہے۔ ان کی کارکردگی کو مخالفین بھی سراہنے پر مجبور ہیں۔ پنجاب حکومت نے اپنی ایک سالہ کارکردگی کی رپورٹ پہلے 365 دن کے عنوان سے جاری کی، جس میں مختلف شعبوں میں کی گئی اصلاحات اور منصوبوں کی تفصیلات شامل ہیں۔ کتاب نہ بھی منظر عام پر آتی تب بھی دنیا کو کارکردگی نظر آ رہی ہے۔ پنجاب حکومت نے بڑے بڑے منصوبوں کا آغاز کیا۔ صحت کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات کیں، جن میں شہروں سے دور دراز دیہی علاقوں میں کلینکس آن ویلز اور فیلڈ ہسپتالوں کا قیام شامل ہے۔ ان اقدامات کے تحت لاکھوں مریضوں کو مقامی سطح پر علاج معالجے کی سہولت ملی اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ 60 ہزار ایکسرے اور 35 ہزار میڈیکل لیبارٹری ٹیسٹ کیے گئے۔ دور دراز علاقوں میں ماں اور بچے کی صحت کے لیے مفت الٹراساؤنڈ فراہم کیے گئے۔ کینسر اور دل کے مریضوں کو مفت ادویات ان کے گھروں پر فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ سرکاری سطح پر نواز شریف کینسر ہسپتال بھی زیر تعمیر ہے جس میں 100 فیصد مریضوں کا علاج فری ہوگا۔ مریم نواز حکومت نے گردوں کے مفت ڈائیلاسز کے پروگرام کو دوبارہ فعال کیا ہے۔ اس پروگرام پر پابندی انسانیت کی ہلاکت کے مترادف تھی۔ ڈائیلاسز کے اخراجات عام مریض برداشت نہیں کر سکتا۔ اب فری مریض فنڈ 10 لاکھ روپے کر دیا گیا ہے۔ مستحق مریضوں کے لیے گردے اور جگر کی پیوند کاری کے اخراجات حکومت برداشت کر رہی ہے۔ سماعت سے محروم بچوں کے لیے کوکلیئر امپلانٹ پروگرام متعارف کرایا گیا، جس پر حکومت فی بچہ 30 لاکھ روپے تک کے اخراجات برداشت کر رہی ہے۔ چیف منسٹر چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت ایک سال میں 1800 بچوں کی دل کی سرجری کی گئی۔ سرگودھا اور لاہور میں امراضِ قلب کے نئے اسپتال قائم کیے جا رہے ہیں۔ ایئر ایمبولینس کا اجرا پنجاب حکومت کے صحت کے منصوبوں میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ پنجاب حکومت نے نکاسی آب کے لیے صوبے کے تمام ایک لاکھ سے زائد آبادی والے شہروں میں جدید سیوریج سسٹم قائم کرنے کی منظوری دی۔ طوفانی بارشوں کے پانی کے نکاس کے لیے واٹر اسٹوریج ٹینک تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ لاہور میں قذافی اسٹیڈیم کے قریب ایک ہزار زیر زمین ٹینک بنایا گیا ہے۔ ہر صوبائی حلقے میں 30 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا منصوبہ منظور کیا گیا ہے۔ 700 نئی سڑکوں کی تعمیر کے منصوبے زیر تکمیل ہیں۔ بے گھر افراد کے لیے اپنی چھت، اپنا گھر منصوبہ: اپنا گھر اپنی چھت ہر شخص کی خواہش اور خواب ہوتا ہے۔ پنجاب حکومت نے بے گھر افراد کے لیے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا آغاز کیا، جس کے تحت ایک لاکھ گھروں کی تعمیر سال کے اختتام تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ حکومت کا پانچ سالہ ہدف پنجاب میں پانچ لاکھ بے گھر خاندانوں کو گھر فراہم کرنا ہے۔ خواتین کی بہبود کے لیے اقدامات: خواتین کے روزگار کے لیے آسان قرضوں کی فراہمی کا سلسلہ جاری کیا گیا ہے۔ نئی ایپ اور ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں۔ مستحق بیچوں کی شادی کے لیے دھی رانی پروگرام کا آغاز ہوا جس کے تحت شادی کے اخراجات حکومت برداشت کرتی ہے۔ تعلیم اور نوجوانوں کے لیے مواقع: ہونہار طلبہ کو لیپ ٹاپ اور الیکٹرک بائیک فراہم کرنے کا منصوبہ بروئے عمل ہے۔ تعلیم میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کے لیے ہونہار پروگرام کے تحت مکمل فیس کی ادائیگی حکومت کے ذمے ہوگی۔ نواز شریف آئی ٹی سٹی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ نوجوان نسل کو دنیا کے ہم قدم چلانے کا یہ ایک بہترین منصوبہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ چیف منسٹر کلائمیٹ لیڈر شپ انٹرن شپ پروگرام کے تحت ہر انٹرنی کو 25 ہزار روپے دیے جا رہے ہیں۔ جب کلائمیٹ کی بات ہوتی ہے تو سموگ کی تباہ کاریاں سامنے آجاتی ہیں۔ پنجاب حکومت کی طرف سے سموگ پر قابو پانے کے لیے ماحولیاتی کنٹرول سسٹم اور مصنوعی بارش کے لیے مقامی ٹیکنالوجی تیار کی گئی۔ اسی حوالے سے پنجاب میں پلاسٹک بیگز پر پابندی لگائی گئی ہے۔ زراعت کی ترقی: گرین اینڈ کلین پنجاب مہم کے تحت ماحولیاتی بہتری کے اقدامات کیے گئے ہیں۔ زرعی کارڈ کے اجرا سے کاشتکاروں کو اربوں روپے کا فائدہ پہنچا۔ ٹرانسپورٹ اور شہری سہولیات: لاہور میں گرین الیکٹرک بس سروس کا اجرا کیا گیا ہے جس میں معذور افراد، سینئر سٹیزنز اور طلبہ کے لیے مفت سفری سہولیات دستیاب ہیں۔ نہر کنارے لاہور میں ٹرام سروس کے منصوبے پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ تجاوزات کے خلاف آپریشن: مختلف شہروں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف سرکاری آپریشن شروع کر کے بازاروں، سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو عوام کے لیے بحال کیا گیا۔ سیاحت اور ثقافتی سرگرمیاں: 30 سال بعد لاہور میں ہارس اینڈ کیٹل شو کا انعقاد کیا گیا۔ یہ رنگا رنگ پروگرام کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ گزشتہ روز اختتامی تقریب میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر مہمان خصوصی تھے جبکہ اس پروگرام کی میزبانی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کی۔ 170 تاریخی مقامات کو سیاحتی مراکز میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ مریم نواز کی سربراہی میں حکومت نے پنجاب کے کسی منصوبے کے لیے وفاق سے اضافی فنڈز نہیں مانگے اور تمام منصوبے صوبائی وسائل سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ یہ حکومت کی خود انحصاری کی قابل تقلید مثال ہے۔ روٹی ہر فرد کی ضرورت ہے اس کی قیمتوں میں ماضی میں روز افزوں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ پنجاب حکومت سے اس دوران بھی جب مہنگائی بڑھ رہی تھی روٹی کی قیمت میں کمی کی گئی۔ آج بھی روٹی 14 روپے میں دستیاب ہے جس کی قیمت ایک موقع پر 20 روپے ہوگئی تھی۔ صوبے میں وسیع پیمانے پر سولر سسٹم بھی تقسیم کیے گئے۔ یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ مریم کی دستک ایپ لانچ کی گئی جس کے ذریعے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دستیاب ہوئے۔ پنجاب حکومت کی ایک سال کی کارکردگی سب کے سامنے ہے، مریم نواز سے ملک کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ ہونے کے ناتے بہت سی امیدیں وابستہ تھیں جن میں وہ پوری اتری ہیں۔ انہوں نے کام کر کے دکھانے کا عزم کیا تھا اور کر کے دکھایا بھی ہے۔ ان تمام تر اقدامات سے ایک بات تو واضح ہے کہ اگر لیڈر کا ویژن ہو اور وہ اپنی ٹیم کو ساتھ لے کر چلنا جانتا ہو تو کامیابی ضرور اس کے قدم چومتی ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے خاصا کام کیا ہے لیکن ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ ابھی تو ایک سال مکمل ہوا ہے اور اتنا کچھ کامیابی کے ساتھ حاصل کر لیا گیا ہے۔ ابھی چار سال باقی ہیں ان چار برسوں میں مریم نواز کی سربراہی میں پنجاب ترقی اور خوشحالی کی منزل حاصل کرتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ پنجاب میں ترقی اور خوشحالی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے خاصا کام کیا ہے لیکن ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، اصل کامیابی تب حاصل ہوگی جب عام آدمی کی حالت تبدیل ہوگی، اسے بنیادی حقوق بلاتفریق حاصل ہوں گے اور اس کی زندگی میں سکون ہوگا۔ پنجاب میں ترقی اور خوشحالی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔

فراڈ کے منبع "ڈبہ کال سنٹر"

جرائم کی خبروں کا تعاقب کرنا جوانی میں میرا جنون تھا۔ اس کی بدولت کئی ایوارڈ بھی ملے اور اس سے زیادہ اہم کئی بے کسوں کی دعائیں بھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مگر میں سیاسی کے علاوہ خارجہ امور پر بھی لکھنے لگا۔ خارجہ امور میں گھسا تو کوٹ کے ساتھ ٹائی لگا کر فلمی گانے والا صاب بن گیا۔ عرصہ ہوا اب اخبار میں چھپی کسی بڑے جرم کی کہانی بھی تفصیل سے نہیں پڑھتا۔ چند دن قبل مگر کراچی کا ایک نوجوان پراسرار حالات میں قتل ہوگیا۔ نظر بظاہر اس کے ایک قریبی دوست نے اسے قتل کیا اور کراچی سے نکل کر بلوچستان کی سرحد کے آغاز میں واقعہ حب کے کسی سنسان مقام پر شعلوں کے سپرد کر دیا۔ مذکورہ خبر کا ہمارے ایک موقر روزنامے نے نہایت لگن سے پیچھا کیا۔ ان دنوں اخبارات کے صفحات درآمد ہوئے کاغذ کی قیمت میں ناقابل برداشت اضافے کی وجہ سے محدود سے محدود تر ہو رہے ہیں۔ اس کے باوجود مصطفیٰ کے وحشیانہ قتل کے مختلف پہلو مذکورہ اخبار میں نمایاں انداز میں چھاپے گئے۔ جس انداز میں اس خبر کا تعاقب ہوا اس نے پولیس کو مصطفیٰ کی قبر کشائی کو مجبور کیا۔ قبر کشائی ہوئی تو مذکورہ قتل سے جڑے بے شمار پہلو عیاں ہونے لگے۔ ذات کے رپورٹر بنیادی طور پر جھکی مزاج ہوتے ہیں۔ شک مگر سچائی کی جانب بڑھنے کا پہلا زینہ ثابت ہوتا ہے۔ مصطفیٰ کے قتل کو جس انداز میں اچھالا گیا اس نے مجھے یہ سوچنے کو اکسایا کہ شاید اس کے والدین ہمارے معاشرے کے طاقت ور لوگ ہوں گے۔ پولیس نے ابتدا ان کے بیٹے کے قتل کی تفتیش میں دلچسپی نہیں دکھائی ہوگی۔ انہوں نے اخبارات سے دادفریاد کی تو بات آگے بڑھی۔ وجہ کچھ بھی رہی ہو دنیا کو شک ہوا۔ اس نے مجھ سے فون پر رائے مانگی تو میں نے سر پکڑ لیا۔ اس سے درخواست کہ فوراً اپنے بینک سے رابطہ کرے۔ اس نے میری بات مان لی اور بینک کی مدد سے حفاظتی نظام لگا کر بچت ہوگئی۔ امریکہ اور یورپ میں لیکن بے تحاشہ بوڑھے لوگ ہمہ وقت ہیلپ لائن کے محتاج ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر کو بیماری کی صورت میں اپنی انشورنس کمپنی کی نامزدگی پر کسی ڈاکٹر کے پاس جانا ہوتا ہے۔ دو نمبر کے کال سنٹر جنہیں سنا ہے کراچی میں ڈبہ کہا جاتا ہے بنیادی طور پر انشورنس کمپنی کے ایجنٹ بننے کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے بوڑھے گاہکوں کے ہمارے کال سنٹرز کے بچے اور بچیاں دوست اور خدمت گزار بن کر کریڈٹ کارڈ اور بینک اکاؤنٹس وغیرہ کی تمام تر تفصیلات جمع کر لیتے ہیں۔ ہمارے چند ڈبہ سنٹر مگر اس سے کہیں آگے بڑھ چکے ہیں۔ وہ آپ کے فونز میں گھس کر اطلاعات جمع کرنے کے کئی طریقے بھی ایجاد کر چکے ہیں جنہیں دیگر ملکوں کے نوسربازوں کو بھی بھاری قیمت پر بیچا جاتا ہے۔ بھارت میں بھی یہ دھندہ عروج پر تھا۔ اس حوالے سے نیٹ فلیکس پر ایک فلم بھی بنی۔ اسے دیکھا نہیں مگر شاید اس کا نام جنم تارہ تھا۔ بھارت کی تمام جاسوسی اور تفتیشی ایجنسیوں نے لیکن یکسو ہو کر ڈبہ کال سنٹروں کا صفایا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ مجھے ہرگز سمجھ نہیں آرہی کہ مصطفیٰ کے اندوہناک قتل کے ڈبہ کال سنٹر سے تعلق واضح ہونے کے باوجود فقط کراچی پولیس ہی کو اس کی تفتیش پر کیوں لگایا گیا ہے۔ ایف آئی اے اور خاص طور پر اس کا سائبر کرائم ونگ اس میں ایکٹو کیوں نہیں ہوا؟ اب تو اس قتل سے کراچی کے پوش علاقوں میں غیر ملکوں سے منگوائی منشیات کا تعلق بھی نکل آیا تھا۔ آج سے محض دس دن قبل میری بیوی بھی جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ فیلڈ ریسرچ کا بھرپور تجربہ رکھتی ہے اپنی عمر بھر کی بچت سے محروم ہونے والی تھی۔ اس کے پاس جس نیٹ ورک کی سم ہے) نظر بظاہر (اس کے کسی ملازم نے اسے فون کیا۔ اس نے شکایت کی کہ میری بیوی کو موبائل کمپنی کی جانب سے مسلسل آگاہ کیا جا رہا ہے کہ آپ فون کے ذریعے جس طریقے سے مختلف اشیا کی خرید پر ادائیگی کر رہی ہیں وہ خطرے میں ہے۔ وہ ہیک ہونے والا ہے۔ بیوی نے اعتبار نہ کیا تو کال کرنے والے نے اپنے سپروائزر سے بات کروائی۔ سپروائزر نے انتہائی شائستگی سے میری سخت گیر بیوی کو قائل کر دیا کہ اس کے فون میں نصب



بینکنگ کا نظام واقعتاً خطرے میں ہے وہ نیا کوڈ لگائے۔ میری بیوی کو جو کوڈ دیا گیا اسے استعمال کر لیا تو سپروائزر نے کہا کہ اب وہ اپنی ای میل کھولے اور بینک کے ساتھ اپنے پن اور کوڈ وغیرہ کو دوبارہ سیٹ کرے۔ خدا کا شکر کہ اس موقعہ پر میری بیوی کو شک ہوا۔ اس نے مجھ سے فون پر رائے مانگی تو میں نے سر پکڑ لیا۔ اس سے درخواست کہ فوراً اپنے بینک سے رابطہ کرے۔ اس نے میری بات مان لی اور بینک کی مدد سے حفاظتی نظام لگا کر بچت ہوگئی۔ امریکہ اور یورپ میں لیکن بے تحاشہ بوڑھے لوگ ہمہ وقت ہیلپ لائن کے محتاج ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر کو بیماری کی صورت میں اپنی انشورنس کمپنی کی نامزدگی پر کسی ڈاکٹر کے پاس جانا ہوتا ہے۔ دو نمبر کے کال سنٹر جنہیں سنا ہے کراچی میں ڈبہ کہا جاتا ہے بنیادی طور پر انشورنس کمپنی کے ایجنٹ بننے کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے بوڑھے گاہکوں کے ہمارے کال سنٹرز کے بچے اور بچیاں دوست اور خدمت گزار بن کر کریڈٹ کارڈ اور بینک اکاؤنٹس وغیرہ کی تمام تر تفصیلات جمع کر لیتے ہیں۔ ہمارے چند ڈبہ سنٹر مگر اس سے کہیں آگے بڑھ چکے ہیں۔ وہ آپ کے فونز میں گھس کر اطلاعات جمع کرنے کے کئی طریقے بھی ایجاد کر چکے ہیں جنہیں دیگر ملکوں کے نوسربازوں کو بھی بھاری قیمت پر بیچا جاتا ہے۔ بھارت میں بھی یہ دھندہ عروج پر تھا۔ اس حوالے سے نیٹ فلیکس پر ایک فلم بھی بنی۔ اسے دیکھا نہیں مگر شاید اس کا نام جنم تارہ تھا۔ بھارت کی تمام جاسوسی اور تفتیشی ایجنسیوں نے لیکن یکسو ہو کر ڈبہ کال سنٹروں کا صفایا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ مجھے ہرگز سمجھ نہیں آرہی کہ مصطفیٰ کے اندوہناک قتل کے ڈبہ کال سنٹر سے تعلق واضح ہونے کے باوجود فقط کراچی پولیس ہی کو اس کی تفتیش پر کیوں لگایا گیا ہے۔ ایف آئی اے اور خاص طور پر اس کا سائبر کرائم ونگ اس میں ایکٹو کیوں نہیں ہوا؟ اب تو اس قتل سے کراچی کے پوش علاقوں میں غیر ملکوں سے منگوائی منشیات کا تعلق بھی نکل آیا تھا۔ آج سے محض دس دن قبل میری بیوی بھی جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ فیلڈ ریسرچ کا بھرپور تجربہ رکھتی ہے اپنی عمر بھر کی بچت سے محروم ہونے والی تھی۔ اس کے پاس جس نیٹ ورک کی سم ہے) نظر بظاہر (اس کے کسی ملازم نے اسے فون کیا۔ اس نے شکایت کی کہ میری بیوی کو موبائل کمپنی کی جانب سے مسلسل آگاہ کیا جا رہا ہے کہ آپ فون کے ذریعے جس طریقے سے مختلف اشیا کی خرید پر ادائیگی کر رہی ہیں وہ خطرے میں ہے۔ وہ ہیک ہونے والا ہے۔ بیوی نے اعتبار نہ کیا تو کال کرنے والے نے اپنے سپروائزر سے بات کروائی۔ سپروائزر نے انتہائی شائستگی سے میری سخت گیر بیوی کو قائل کر دیا کہ اس کے فون میں نصب بینکنگ کا نظام واقعتاً خطرے میں ہے وہ نیا کوڈ لگائے۔ میری بیوی کو جو کوڈ دیا گیا اسے استعمال کر لیا۔

عارف علوی نے سچ بول دیا

امریکی صدر ٹرمپ نے غزہ والوں کی بے دخلی کا فیصلہ تقریباً واپس لے لیا ہے۔ فرمایا ہے کوئی زبردستی کرنے کا ارادہ نہیں تھا، جو کہا، غزہ والوں کی بھلائی کیلئے کہا۔ لہجے سے لگتا ہے دل میں خواہش اب بھی موجود ہے۔ وہ اپنی ہی بات بھول گئے کہ ہر قیمت پر غزہ کی زمین) اسرائیل سے (خریدوں گا، اس پر تفریح گاہیں بناؤں گا) اور مال کماؤں گا۔ غزہ والوں کو نکالنا ہی ہوگا۔ پھر عالمی برادری سے غیر متوقع مخالفت ہوئی۔ عرب ممالک بھی، خلاف روایت، خلاف توقع، ڈٹ گئے۔ ٹرمپ کو معلوم ہو گیا کہ انگور ابھی کھٹے ہیں۔ تجویز واپس لے لی۔ ورنہ صدارت کی کرسی سنبھالنے کے فوراً بعد تو انہوں نے علانی الارض کی پوری تصویر بنا ڈالی تھی، اب ذرا نیچے آنے لگے ہیں۔ غزہ ہی نہیں، یوکرائن کی بابت بھی پالیسی میں لچک ہے۔ کہاں یہ اعلان کہ یوکرائن کا جو علاقہ روس نے قبضہ میں لیا ہے، وہ تو اسی کے پاس رہے گا اور یوکرائن مزید علاقہ بھی روس کو دے بلکہ سارے کا سارا ہی روس میں ضم ہو جائے کہاں اب اقوام متحدہ میں قرارداد پاس کرا دی کہ جنگ بندی کی جائے۔ اگرچہ روس کی حمایت اس قرارداد میں بھی موجود ہے کہ اس کی کھلی، ننگی جارحیت کا ذکر ہی نہیں کیا گیا۔ ٹرمپ کو یورپی ممالک کی ان باتوں سے بھی پریشانی ہوئی کہ اگر امریکہ ہمیں تنہا چھوڑ دیتا ہے تو پھر ہمیں اپنا دفاع خود کرنا ہوگا، مشترکہ فوج بنانا ہو گی، وغیرہ، ٹرمپ نے ایسا سوچا بھی نہیں تھا کہ یورپی ممالک کچھ ایسا بھی سوچ سکتے ہیں۔ ٹرمپ جب سے آئے، دھمکیاں اور دعوؤں کے سوا انہوں نے کچھ نہیں کیا چنانچہ وہ غالباً پہلے امریکی صدر بن گئے ہیں جن کی مقبولیت پہلے دو مہینوں ہی میں کم ہونے لگی ہے۔ ممکن ہے، چھ آٹھ مہینوں میں انہیں ووٹ دینے والے پچھتائیں کہ یہ ہم کیا کر بیٹھے، کے صدر بنا دیا۔ ایک صاحب کہہ رہے تھے کہ ٹرمپ امریکہ کو زوال کی طرف لے کے جائے گا۔ اس نے چین سے لے کر یورپ تک سب کو ڈرا کے رکھ دیا ہے۔ اتنا ڈرائے گا تو ڈرنے والے پنجہ بھی مار سکتے ہیں بلکہ چین نے تو پے در پے کئی پنجے مار بھی دیئے ہیں، امریکی سٹاک مارکیٹ اب چین سے ڈری بیٹھی ہے۔ ٹرمپ کا غرور اتنا بڑھ گیا تھا کہ غزہ کے حوالے سے جب انہوں نے اپنا پلان پیش کیا تو ایک اخبار نویس نے ان سے پوچھا کہ اس پر عملدرآمد کیلئے کیا آپ دوسرے ممالک پر دباؤ ڈالیں گے تو ایسا جواب دیا کہ سب حیران ہو گئے۔ فرمایا، ہم اب اس مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ کسی پر دباؤ ڈالنے کے محتاج نہیں رہے۔ یعنی ہم کہیں گے کہ ہو جا اور وہ کام ہو جائے گا اور کچھ کہنے کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔ خدائی دعوی۔ بہرحال، اس خدائی دعوے کے کس بل چند ہفتوں ہی میں نکل گئے۔ خبر ہے کہ مرشد اور مرشدانی کے صرف کھانے پینے پر 8 لاکھ روپے مہینے کا خرچ آتا ہے۔ مرشد اور مرشدانی کیا کھاتے ہیں؟ 8 لاکھ میں تو دو درجن گھرانوں کے پورے مہینے کے کچن چل سکتے ہیں؟۔ اور یہاں صرف ایک فرد مہینے میں 8 لاکھ کا کھانا کھا جاتا ہے۔ کچھ ماہ پہلے مرشد کے کھانے کا مہینو اخبارات میں چھپا تھا جس کے سارے اجزا تو یاد نہیں، جو یاد ہیں وہ کچھ یوں تھے کہ دیسی مٹن، دیسی مرغی، بادام، پستے، کاجو، کھجوریں، چلغوزے، انڈے، شہد، جام، جوس، تازہ پھل، مکھن، پنیر، دہی، ایک ڈیڑھ درجن اشیا اور بھی تھیں جو یاد نہیں آ رہیں۔ یہ صرف مرشد کی غذائی ضروریات سامنے آئیں تھیں، مرشدانی جی کتنا کچھ کھا جاتی ہیں، یہ پتہ نہیں۔ بہرحال اب پتہ چلا ہے کہ دونوں ہی چار چار لاکھ کا کھانا کھا جاتے ہیں۔ درمیانے حجم کے رجواڑوں کے راجہ بھی اس سے کم ہی کھاتے ہوں گے۔ بہت پہلے ایک صاحب نے کہا، میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں جب خوش ہوتا ہوں تو خوشی منانے کیلئے زیادہ کھاتا ہوں۔ پوچھا، مطلب جب اداس ہوتے ہیں تو پھر کم کھاتے ہوں گے۔ فرمایا، 0 نہیں، تب بھی زیادہ کھاتا ہوں، اداسی دور کرنے کیلئے۔ اب پتہ نہیں، مرشد مارے خوشی کیکھابے کا کوٹھڑا خالی کر رہے ہیں یا اداسی دور کرنے کیلئے۔ سلمان اکرم راجہ شاید روشنی ڈال سکیں۔ کیونکہ وہ بھی تو راجہ ہی ہیں۔ مرشد ہر دوسرے روز ایک خط لکھتے ہیں،



ایسا میڈیا پر بار بار آیا، عقل حیران ہے کہ سارا وقت تو مرشد کھانے پینے میں لگا دیتے ہیں، خط لکھنے کو وقت کیسے نکال لیتے ہیں؟ لاہور میں جلسہ کرنے کی اجازت کیلئے پی ٹی آئی نے جو درخواست دی تھی، وہ مسترد ہو گئی۔ مطلب کے پی حکومت کے 50 کروڑ روپے بچ گئے۔ پی ٹی آئی جلسہ چاہے اسلام آباد کرے یا لاہور، پنڈی میں کرے یا میلسی میں، جملہ حاضرین جلسہ کے لیے لائے جاتے تھے بلکہ ایک آدھ کو چھوڑ کر سارے مقررین بھی وہیں سے منگوائے جاتے تھے اور ہر بار اس کے پی حکومت کے 50 سے 60 کروڑ روپے خرچ ہو جاتے تھے۔ اچھی بات ہے، اس بار یہ رقم بچ گئی۔ یہ بات اپنی جگہ دلچسپ ہے کہ جب مقررین بھی کے پی کے اور حاضرین بھی کے پی کے تو پھر جلسہ بھی وہیں کیوں نہیں کر لیتے۔ لیکن کیا کیجیے، رقم خرچ کرنے کا ہے اک بہانہ۔ کئی اور لوگوں کا اس بچ میں، بچ کی آمدنی سے بھلا ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کا نام، مثال کے طور پر عادت علوی ہے تو اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ وہ کبھی سچ نہیں بولے گا استثنیات ہر معاملے میں ہوتی ہے، یہاں بھی ہے۔ مثال کے طور پر، ایک صاحب ان دنوں امریکہ گئے ہوئے ہیں۔ اتفاق سے ان کا نام عادت علوی ہے۔ ایک ٹی وی، فاکس ٹو اس کا نام ہے، پر انہوں نے انٹرویو دیا اور پاکستان کی شکایتیں جی اور منہ بھر کے لگائیں۔ اور ظاہر ہے کہ ساری باتیں جھوٹ نہیں تھیں، کم از کم ایک بات تو انہوں نے سچ کی، مطلب ان صاحب نے، جن کا نام اتفاق سے عارف علوی ہے۔ کہا، پاکستان اتنا کرپٹ ملک ہے کہ ایک بار تو وہ ایوانِ ایڈ کے تحت ملنے والی امدادی رقم بھی ہڑپ کر گیا۔ جانچ پڑتال کرنے والوں نے اس الزام کی تحقیقات کیں تو بات سچ نکلی، یہ ماجرا 2018 کے آخری مہینوں میں ہوا جب مرشد کی حکومت تھی۔ یہ پہلے سال کی بات ہے، دوسرے سال تو مرشد کی حکومت نے کرونا فنڈ ہڑپ کر لیا تھا۔ خیر، وہ الگ کہانی ہے، فی الوقت یہ نکتہ ثابت کرنا مقصد تھا کہ اگر کسی کا نام، اتفاق سے، عارف علوی ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ جب بھی بولے گا، جھوٹ ہی بولے گا، کبھی کبھی وہ سچ بھی بولے گا، ثبوت اوپر دے دیا۔ بی بی سی کی ویب سائٹ پر ایک مضمون تشویش سے بھرا ہوا آیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ



خریدنا بھی مشکل ہو جاتا ہے، ملاوٹ اور ناپ تول میں کمی بھی عروج پر پہنچ جاتی ہے۔ جس مہینے میں لوگوں کو زیادہ سے زیادہ خیرات اور سخاوت کا مظاہرہ کرنا چاہیے، اسی مہینے میں ناجائز منافع خوری اور قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے کی روایت جڑ پکڑ لیتی ہے۔ حکومتیں ہر سال ماہ مقدس میں نرخ ناموں پر عمل درآمد کے بلند و بانگ دعوے کرتیں ہیں پر عملی طور پر کہیں کنٹرول نظر نہیں آتا۔ مشکل ترین معاشی حالات کی بدولت پچاس فیصد پاکستانی پورا سال ایک یا دو وقت کے کھانے تک محدود ہو چکے ہیں، ناجائز منافع خور اور حکومتی لاپرواہی ایسے مساکین کیلئے ماہ مقدس میں ایک وقت کے کھانے کا حصول بھی مشکل کر دیتی ہے، رمضان المبارک میں سب سے زیادہ نقصان غریب اور متوسط طبقے کو ہوتا ہے جو لوگ عام دنوں میں بھی مشکل سے گزارا کرتے ہیں ان کے لیے روزے کے دوران مہنگے پھل، گوشت اور دیگر غذائی اشیاء خریدنا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے، ناجائز منافع خوری کے باعث غریب طبقے کے لیے سحر و افطار میں مناسب خوراک کا بندوبست کرنا مشکل ہو جاتا ہے، جس کی وجہ سے غذائی قلت اور بھوک میں اضافہ ہوتا ہے۔ المیہ در المیہ تو یہ ہے کہ ماہ مقدس میں مہنگائی صرف خوراک تک محدود نہیں رہتی، بلکہ ٹرانسپورٹ، کپڑوں، جوتوں اور دیگر ضروری اشیاء کی قیمتوں میں بھی بے پناہ اضافہ کر دیا جاتا ہے، غریب کے بچے بھوک سے لڑتے ہیں اور غریب مزدور والدین کو بچوں کیلئے عید کے کپڑوں اور جوتوں کی عدم فراہمی کے عذاب سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ ماہ مقدس میں گراں فروشی کی ساری کی ساری ذمہ داری حکومتوں پر عائد کرنا درست نہیں ہوگا، کیا رمضان المبارک میں رحمتوں، برکتوں، اجر و ثواب کے حصول اور عاؤں کی قبولیت کی غرض سے خصوصی عبادات، سخاوت، جذبہ ہمدردی، صلہ رحمی اور مساکین کیلئے جذبہ خیرات رکھنے والے مسلمان تاجروں نے ماہ مقدس میں ذخیرہ اندوزی، من مانی اور خوساختہ مہنگائی، ناپ تول میں کمی اور ملاوٹ جیسے

آمدِ رمضان اور بے تحاشہ منافع خوری!

رمضان المبارک اسلامی سال کا رحمتوں اور برکتوں سے بھرپور مقدس ترین مہینہ ہے، ہر سال ماہ مقدس میں مسلمانوں کی عبادات، سخاوت، جذبہ ہمدردی اور صلہ رحمی دیدنی ہوتا ہے، پورا سال خالی گزارنے والی مساجد میں نمازیوں کیلئے جگہ کم پڑ جاتی ہے۔ ماہ مقدس میں ایک رات ایسی بھی ہے جس کو شب قدر کہا جاتا ہے قرآن پاک کے مطابق شب قدر میں عبادت کا ہزاروں سال کی عبادت کے برابر اجر و ثوات عطا کیا جاتا ہے۔ عبادات کے ساتھ ساتھ مسلمان ماہ مقدس میں اپنے مسلمان بہن بھائیوں کیلئے سحری اور افطار کے اوقات میں خصوصی دسترخوان سجاتے ہیں، جس طرح مسلمان رمضان المبارک میں خصوصی عبادات اور سخاوت کا اہتمام کرتے ہیں، کثرت سے دعائیں مانگتے ہیں، ایک دوسرے کو درگزر، شکر گزاری، دوسروں کے ساتھ حسن سلوک اور احسان کا درس دیتے ہیں، فقراء و مساکین پر زیادہ سے زیادہ صدقہ خیرات کرنے میں بھی مسلمان کسی سے پیچھے نہیں رہتے ٹھیک اسی طرح ناجائز منافع خوری، کھانے پینے کی اشیاء میں ملاٹ، ناپ تول میں کمی اور ذخیرہ اندوزی کا بھی خاص اہتمام کرتے ہیں، ہر سال ماہ مقدس کی آمد سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو ہو جاتا ہے رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی مہنگائی آسمان کو چھونے لگتی ہے۔ پاکستان میں جیسے ہی رمضان کا آغاز ہوتا ہے، منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کی چاندی ہو جاتی ہے، اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں، ناجائز منافع خوری کا ایسا طوفان آتا ہے کہ غریب اور متوسط طبقے کیلئے بنیادی خوراک



خریدنا بھی مشکل ہو جاتا ہے، ملاوٹ اور ناپ تول میں کمی بھی عروج پر پہنچ جاتی ہے۔ جس مہینے میں لوگوں کو زیادہ سے زیادہ خیرات اور سخاوت کا مظاہرہ کرنا چاہیے، اسی مہینے میں ناجائز منافع خوری اور قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے کی روایت جڑ پکڑ لیتی ہے۔ حکومتیں ہر سال ماہ مقدس میں نرخ ناموں پر عمل درآمد کے بلند و بانگ دعوے کرتیں ہیں پر عملی





کوہلی اور روہت شرما کیلئے یہ صورتحال دباؤ والی ہوگی، وہاب ریاض



لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر وہاب ریاض نے کہا ہے کہ ویرات کوہلی اور روہت شرما کیریئر کے اس موقع پر اپنی ٹیم کے لیے کچھ کرنا چاہیں گے۔ اپنے ایک بیان میں وہاب ریاض نے کہا کہ ہر کھلاڑی چاہتا ہے کہ اس کے کیریئر کا اچھا اختتام ہو، ویرات کوہلی اور روہت شرما کے لیے یہ صورتحال دباؤ والی ہوگی۔ وہاب ریاض نے کہا کہ ویرات کوہلی اور روہت شرما دباؤ میں اچھا کھیلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، چیمپئنز ٹرافی کے اہم میچ میں ان کا کردار بڑا اہم ہوگا، پاکستان ٹیم نے انہیں جلد آؤٹ کرلیا تو یہ میچ میں ان کے لیے بڑا چیلنج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میری نیک خواہشات کپتان محمد رضوان اور پاکستان ٹیم کے ساتھ ہیں، پاکستان ٹیم کا ہر کھلاڑی میچ ونر ہے، سارا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس انداز سے کھیلتے ہیں اور آپ کی باڈی لینگویج کیا ہے۔ سابق فاسٹ بولر وہاب ریاض نے مزید کہا کہ سارے کھلاڑی ہمارے شیر ہیں ہمیں انہیں سپورٹ کرنا چاہیے، ہمیں بھارت کے خلاف میچ میں جیت کے لیے پُرامید رہنا چاہیے۔

آگے جانا ہے تو ایسی کرکٹ نہیں کھیلیں گے جو پہلے کھیلی، سرفراز احمد

اس وقت فیصلہ ہوا کہ ہمیں ڈر کو نکال کر کرکٹ کھیلنی پڑے گی، سب سے اپنا اپنا ویو دیا، پوڈ کاسٹ



کراچی (یو این پی) چیمپئنز ٹرافی 2017 کے فاتح کپتان سرفراز احمد نے اس ایونٹ کو یاد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے اس وقت دل سے ڈر کو نکال کرکرکٹ کھیلی تھی۔ نجی چینل کے پوڈ کاسٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستان کے کامیاب ترین کپتانوں میں سے ایک سرفراز احمد کا کہنا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی میں ایک مرحلے پر بارش کی وجہ سے ہم آؤٹ ڈور پریکٹس نہیں کرسکے تھے تو ہم نے ان ڈور پریکٹس کی تھی۔ سابق کپتان نے بتایا کہ میچ سے قبل ہماری میٹنگ ہوئی اس میں کافی سخت باتیں ہوئیں، سینئرز نے بتایا کہ اگر ہمیں اس ایونٹ کو جیتنا ہے تو ہم نے جو پچھلے میچ میں کرکٹ کھیلی ہمیں اس طرح کی کرکٹ نہیں کھیلنی ہوگی۔ سرفراز احمد نے بتایا کہ اس وقت فیصلہ ہوا کہ ہمیں ڈر کو نکال کر کرکٹ کھیلنی پڑے گی، سب سے اپنا اپنا ویو دیا، محمد حفیظ، شعیب ملک کو چھوڑ اور مجھ سمیت سب نے اپنے خیالات بتائے۔ اگر ہم نے آگے جانا ہے اور پاکستان کرکٹ کو بہتر کرنا ہے تو ایسی کرکٹ نہیں کھیلیں گے جو ہم نے پہلے کھیلی ہے۔ سرفراز احمد نے کہا کہ جنوبی افریقہ کے خلاف میچ میں نے جس طرح کی بولنگ کی اور سب سے بڑھ کر فیلڈنگ، بہت زبردست کی اس حوالے سے پریس کانفرنس میں بھی مجھ سے سوال کیا گیا تھا۔ سابق کپتان کا کہنا تھا کہ میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ جو پلیئرز میرے ساتھ کھیلے وہ اس وقت نئے تھے اور یہ لڑکے ہمیشہ میری بات کو سمجھتے تھے۔



لاہور: لاہور گیریژن پولو گراؤنڈ کے زیر اہتمام کھیلے گئے ڈائمنڈ پینٹس پولو کپ کی فاتح ٹیم دین پولو کا مہمان خصوصی کے ہمراہ گروپ فوٹو

چیمپئنز ٹرافی: راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میچز کے موقع پر ٹریفک پلان جاری

راولپنڈی (یو این پی) 27 فروری تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میچز کے موقع پر ٹریفک پلان جاری کردیا گیا ہے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق کرکٹ ٹیموں کی آمد اور روانگی کے وقت مری روڈ فیض آباد سے ڈبل روڈ تک بند رہے گی اور اسلام آباد سے آنے والی ٹریفک کو فیض آباد سے ایکسپریس وے کی جانب موڑا جائے گا۔ ٹریفک پولیس نے بتایا کہ خوشیہ چوک سے ٹریفک کو فاروق اعظم روڈ، کری روڈ کی طرف ڈائیورٹ کیا جائے گا، نائنتھ ایونیو چوک سے ڈبل روڈ ٹریفک کے لیے مکمل بند ہوگی، نائنتھ ایونیو سے آنے والی ٹریفک فیض آباد ایکسپریس وے اور پنڈورہ چونگی ڈائیورٹ ہوگی۔ اس کے علاوہ آئی جے پی روڈ، کیرج فیکٹری، پیر ودہائی موڑ کھلا رہے گا۔

فیضان طارق نے 17 ویں قومی ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ ایچ ٹو رکا ٹائٹل جیت لیا

اسلام آباد (یو این پی) فیضان طارق نے 17 ویں قومی ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ ایچ ٹو رکا ٹائٹل جیت لیا جبکہ معیذ ارسلان نے دوسری اور سبحین ارسلان نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ لیزر شی باؤلنگ کلب اسلام آباد میں کھیلے گئے ایچ ٹو رکے ایونٹ میں فیضان طارق نے 324 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ معیذ ارسلان 303 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے اور سبحین ارسلان نے 292 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمن اور سیکرٹری جنرل محمد حسین چٹھہ کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد میں موجود تھی۔

جوش انگلس قذافی اسٹیڈیم اور شائقین کے معترف ہوگئے

لاہور (یو این پی) آسٹریلیا کے بیٹر جوش انگلس لاہور کے قذافی اسٹیڈیم اور یہاں آنے والے شائقین کے معترف ہوگئے، کہا کہ انہوں نے میچ کو بہت انجوائے کیا۔ قذافی اسٹیڈیم میں انگلینڈ کے خلاف میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے جوش انگلس کا کہنا تھا کہ ہماری پارٹنرشپ بہت اچھی رہی۔ لبوشین اور شارٹ نے اچھا پلیٹ فارم دیا۔ سنچری میکر بیٹر نے کہا کہ وکٹیں جلد گرنے کے باوجود رن ریٹ کو برقرار رکھا، میں نے اسکور بورڈ کو زیادہ نہیں دیکھا۔

بھارت آخری لمحات میں اسلام آباد میں ہونیوالی ایتھلیٹکس چیمپئن شپ سے دستبردار

اسلام آباد (یو این پی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں شرکت کے لیے پاکستان آنے سے انکار کے بعد بھارت نے کھیل میں ایک مرتبہ پھر بے اعتنائی کا مظاہرہ کردیا۔ بھارت آخری لمحات میں اسلام آباد میں ہونے والی ساؤتھ ایشین فیڈریشن کراس کنٹری ایتھلیٹکس چیمپئن شپ سے دستبردار ہوگیا۔ قبل ازیں جنوبی ایشیا کے سات ممالک کے درمیان ہونے والی کراس کنٹری ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں بھارت نے شرکت کی تصدیق کی تھی۔ بھارتی ٹیم نے ان مقابلوں میں شرکت کے لیے ہفتے کو پاکستان پہنچنا تھا۔ تاہم، عین آخری لمحات میں بھارت کی طرف سے دستبرداری کا اعلان کر دیا گیا۔ دوسری جانب مالدیپ نے بھی چیمپئن شپ میں شرکت سے معذرت کرلی۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پاکستان کی 77 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کراس کنٹری چیمپئن شپ کا انعقاد ہو رہا ہے۔ اتوار کو اسلام اباد میں ہونے والی چیمپئن شپ میں اب میزبان پاکستان، بنگلا دیش، بھوٹان، سری لنکا اور نیپال کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔ کراس کنٹری ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں 10 کلومیٹر کی دوڑ کے ساتھ 8 کلومیٹر کی انڈر 20 دوڑ بھی شامل ہوگی۔ ان مقابلوں کے لیے 2 کلومیٹر کا خصوصی ٹریک تیار کیا گیا ہے۔ دریں اثنا کھیلوں کے حلقوں نے بھارت کی جانب سے اپنائی جانے والی ہٹ دھرمی اپنا کر کھیلوں میں سیاست شامل کرنے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بھارت کو اپنی سوچ میں تبدیلی لانے کی ضرورت ہے۔

چیمپئنز ٹرافی: نیوزی لینڈ، بنگلا دیش کی اسلام آباد کلب میں پریکٹس

اسلام آباد (یو این پی) چیمپئنز ٹرافی کے گروپ اے میں شامل نیوزی لینڈ اور بنگلا دیش کی ٹیموں نے اسلام آباد کلب میں پریکٹس کی ہے۔ میگا ایونٹ میں نیوزی لینڈ اور بنگلا دیش کی ٹیمیں (آج) 24 فروری کو راولپنڈی میں مدمقابل ہوں گی۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے سلسلے میں نیوزی لینڈ اور بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیمیں اسلام آباد میں اپنے اہم میچ کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم نے اسلام آباد کلب اول گراؤنڈ میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کے مختلف سیشنز میں حصہ لیا، کھلاڑیوں نے فلڈ لائٹس میں بھی پریکٹس کی۔ دوسری جانب، بنگلہ دیش کی ٹیم کپتان نجم الحسن شانتو کی قیادت میں دبئی سے اسلام آباد پہنچ چکی ہے، جس نے پریکٹس سیشن میں حصہ لیا تاکہ نیوزی لینڈ کے خلاف میچ کیلئے خود کو تیار کر سکے۔ بنگلہ دیش کو اپنے پہلے میچ میں بھارت کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ نیوزی لینڈ نے اپنے افتتاحی میچ میں پاکستان کو ہرایا تھا۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم اس اہم میچ کی میزبانی کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ شائقین کرکٹ اس مقابلے کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں، جہاں دونوں ٹیمیں بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے پُرعزم ہیں۔

بین ڈکٹ نے چیمپئنز ٹرافی کا 21 سالہ پرانا ریکارڈ توڑ دیا

لاہور (یو این پی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں آسٹریلیا کے خلاف میچ میں انگلینڈ کے بین ڈکٹ نے 21 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ بین ڈکٹ چیمپئنز ٹرافی میں سب سے بڑی انفرادی اننگز کھیلنے والے کھلاڑی بن گئے۔ انگلش اوپنر بین ڈکٹ نے آسٹریلیا کے خلاف 165 رنز کی اننگز کھیلی۔

معروف گلوکارہ نسیم بیگم کا 89 واں یوم پیدائش آج منایا جائے گا

نسیم بیگم کی خوبصورت آواز آج بھی لوگوں کے کانوں میں رس گھول رہی ہے



کوآنہ (یو این پی) معروف گلوکارہ نسیم بیگم کا 89 واں یوم پیدائش (آج) 24 فروری کو منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ نسیم بیگم کی خوبصورت آواز آج بھی لوگوں کے کانوں میں رس گھول رہی ہے۔ امرتسر میں 24 فروری 1936 کو پیدا ہونے والی گلوکارہ نسیم بیگم نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم کلاسیکل گلوکارہ فریدہ خانم کی بڑی بہن مختار بیگم سے حاصل کی، جبکہ 1958 میں اپنے فنی سفر کا آغاز کیا۔ نسیم بیگم نے ویسے تو بہت سی فلموں میں اپنی آواز کا جادو جگایا مگر فلم ''مادر وطن'' کیلئے گایا ہوا گیت ''اے راہ حق کے شہیدوں'' قومی نغمے کی حیثیت اختیار کرگیا۔ نسیم بیگم نے اپنے فنی سفر کے دوران چار نگار ایوارڈز حاصل کئے، ملک کی یہ نامور گلوکارہ 29 ستمبر 1971 کو اس جہاں فانی کو چ کرگئیں۔

اجے دیوگن نے دریشیم 3 کی تصدیق کردی



ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے معروف اداکار اجے دیوگن 2015 میں دبنگ سالگاں کار کے کردار میں فلم دریشیم میں اسکرین پر نظر آئے اور اپنی شاندار پرفارمنس سے ناظرین کو متاثر کیا۔ اس کے بعد 7 سال بعد انہوں نے دریشیم 2 میں اسی کردار میں واپسی کی اور یہ فلم بھی پہلی فلم کی طرح باکس آفس پر ہٹ تھی۔ اب اجے دیوگن کی جانب سے مداحوں کو خوشخبری سنائی گئی ہے کہ دریشیم 3 کی تیاری کی جارہی ہے۔ بھارتی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ اجے دیوگن ایک بار پھر ہدایتکار ابھشیک پٹھک کے ساتھ دریشیم 3 میں کام کرنے جارہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اجے دیوگن نے دریشیم 3 کی کہانی سنی۔

جان ابراہم اور پریانکا چوپڑا کی نئی فلم میں دھوم دھام سے واپسی

ممبئی (یو این پی) جان ابراہم اور پریانکا چوپڑا کی نئی فلم میں دھما کے دار واپسی ہوگئی۔ بالی وڈ کے مشہور اداکار جان ابراہم اور پریانکا چوپڑا ایک ساتھ بڑے پردے پر نظر آئیں گے اور اس بار یہ جوڑی ایس ایس راجامولی اور مہیش بابو کی آنے والی میگا بجٹ فلم SSMB29 کا حصہ بنے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق



SSMB29 میں جنوبی بھارتی اداکار پرتھوی راج سوکمارن کو ایک اہم کردار کے لئے سائن کیا گیا تھا لیکن وہ فلم کا حصہ نہ بن سکے، اب ان کی جگہ جان ابراہم نے لے لی ہے، جان ابراہم حیدرآباد میں شوٹنگ کریں گے اور ان کے کئی سینز پریانکا چوپڑا کے ساتھ ہوں گے۔ یہ فلم ایس ایس راجامولی کی ہدایت کاری میں بن رہی ہے، جس میں مہیش بابو مرکزی کردار ادا کریں گے، فلم ایک ایڈونچر ایکشن کہانی ہوگی، جس کی شوٹنگ بھارت کے ساتھ ساتھ بیرون ملک بھی کی جائے گی۔ اطلاعات ہیں کہ فلم قدیم بھارتی دیومالائی کہانی پر مبنی ہوگی لیکن جدید دنیا میں پیش کی جائے گی، یاد رہے کہ فلم کی شوٹنگ کا آغاز 3 جنوری کو ہوا تھا اور حال ہی میں پریانکا چوپڑا حیدرآباد پہنچیں، جس سے ان کے فلم کا حصہ بننے کی قیاس آرائیاں مزید مضبوط ہوگئیں۔ جان ابراہم اور پریانکا چوپڑا کی نئی فلم میں دھما کے دار واپسی ہوگئی۔ بالی وڈ کے مشہور اداکار جان ابراہم اور پریانکا چوپڑا ایک بار پھر ایک ساتھ بڑے پردے پر نظر آئیں گے

کبری اور گوہر کے ولیمے کی پہلی جھلک سامنے آگئی

فی الحال اس جوڑی نے اپنے ولیمے کی کوئی تصویر یا ویڈیو باضابطہ طور پر شیئر نہیں کی



اسلام آباد (یو این پی) مکہ مکرمہ میں نکاح کرنے والی پاکستانی فنکار جوڑی کبری خان اور گوہر رشید کے ولیمے کی پہلی جھلک سامنے آگئی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر فیشن وانٹرٹینمنٹ کی دنیا سے تعلق رکھنے والے پاکستانی صحافی نے اس جوڑے کے ولیمے کی پہلی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کی ہے۔ سوشل میڈیا پر پوسٹ شیئر کر کے صحافی نے حال ہی میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والی اس جوڑی کو مبارک باد بھی دی۔ ولیمے میں دلہنیا نے سفید شرارہ زیب تن کیا جس پر سنہرا اور خاکستری رنگ کا کام ہوا ہے جبکہ دلہے نے حسب روایت سوٹ کا انتخاب کیا ہے۔ دوستی سے محبت تک کا سفر طے کرنے والی اس جوڑی نے گزشتہ روز اپنی شیندی اور مایوں کی فلمی و رومانوی تصاویر و ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کی تھیں۔ فی الحال اس جوڑی نے اپنے ولیمے کی کوئی تصویر یا ویڈیو باضابطہ طور پر شیئر نہیں کی ہے، یہی وجہ ہے کہ سوشل میڈیا صارفین بے چینی سے ولیمے کی مزید تصاویر دیکھنے کے منتظر ہیں۔

گوگل پر درج میری عمر غلط ہے، وینا ملک کا دعوی

میری عمر گوگل پر غلط لکھی ہوئی ہے، ویکیپیڈیا پر مختلف تاریخیں اور سال درج ہیں



لاہور (یو این پی) پاکستان کی مقبول اداکارہ اور ماڈل وینا ملک نے سرچ انجن گوگل پر درج اپنی عمر کو غلط قرار دے دیا۔ اداکارہ میرا کے بعد وینا ملک دوسری پاکستانی سلیبریٹی ہیں جنہوں نے ویکیپیڈیا پر اپنی عمر کے غلط اندراج کا دعوی کیا ہے۔ وینا نے اپنی سالگرہ کے موقع پر ایک پریس ٹاک میں اس بارے میں کھل کر بات کی۔ وینا ملک نے کہا کہ میری عمر گوگل پر غلط لکھی ہوئی ہے، ویکیپیڈیا پر مختلف تاریخیں اور سال درج ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ میں 20 فروری کی صبح 5 بجے پیدا ہوئی تھی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اب مجھ سے میری عمر مت پوچھیں، میں نہیں بتاؤں گی۔ جس پر ایک صحافی نے کہا کہ گوگل کے مطابق آپ کی عمر 48 سال ہے۔ وینا ملک نے مزاحیہ انداز میں جواب دیا کہ اگر گوگل پر یقین کریں تو میں اپنی ماں سے صرف 10 سال چھوٹی ہوں۔ خیال رہے کہ وینا ملک نے اپنی شاندار اداکاری اور میکری کے باعث فلموں اور ڈراموں میں شہرت حاصل کی۔



نوزائیدہ بچوں کی صحت کے مسائل

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

صحت مند اور تندرست بچہ کسی مشکل اور محنت کے بغیر آسانی سے سانس لیتا ہے۔ اسے ہر 2 سے 4 گھنٹوں کے بعد دودھ پینا چاہیے اور جب بھوکا ہو یا گیلا ہوجائے تو اسے خود جاگنا چاہیے۔ اس کے جسم کی کھال صاف ہونی چاہیے یا کچھ سرخی مائل ہونی چاہیے یا جسم پر خارش کے ہلکے سے نشان ہوں جو چند روز میں صاف ہوجاتے ہیں جس بچے میں یہ سب علامتیں نہ ہوں، وہ مشکل میں ہوسکتا ہے اور اسے جلد مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ نوزائیدہ بچے میں انفیکشن کا ہونا نہایت خطرناک ہے اور اس کے علاج کے لیے اسے فوری طور پر اینٹی بایوٹکس دوائیں دینی چاہئیں۔ اس بات کا لحاظ رکھتے ہوئے کہ آپ کسی صحت مرکز سے کتنی دور ہیں اور آپ کے پاس کون سی دوائیں ہیں، آپ کو فوراً طبی مدد حاصل کرنی چاہیے یا بچے کا علاج خود شروع کردینا چاہیے، خواہ آپ ہسپتال یا صحت مرکز جانے کے لیے راستے میں ہوں۔

خطرے کی علامات

تیز سانس: سوتے ہوئے یا آرام کی حالت میں ایک منٹ میں 60 سے زیادہ مرتبہ سانس لینا، سینہ اندر دھنسنا نتھنے پھیلنا، سانس لینے کے لیے زور لگانا سوتے ہوئے یا آرام کی حالت میں سانس لیتے وقت سینہ اندر دھنستا ہے۔ خرخراہٹ کی آواز، سانس لینے میں محنت کرنے سے نتھنے پھیل جاتے ہیں۔ شدید دَدوڑے، جسم پر بہت زیادہ دانوں یا چھالوں کے ساتھ دَدوڑے (معمولی دَدوڑے عام بات ہے)۔ ان میں سے کسی بھی علامت کے نظر آنے کا مطلب ہے کہ بچے کو انفیکشن ہے۔ اگر بچے میں ایک سے زیادہ علامات نظر آئیں تو اس کا مطلب ہے اسے زیادہ خطرہ لاحق ہے اور فوری طور پر اینٹی بائیوٹکس دواؤں کی ضرورت ہے۔ اگر بچے میں صرف ایک علامت پائی جائے لیکن اس کی حالت جلد بہتر نہیں ہورہی تو اسے علاج کی ضرورت ہے۔ اگر ماں کو زچگی کے دردوں کے وقت بخار رہا ہو تو بچے میں خطرے کی اضافی علامتوں کو غور سے دیکھنا چاہیے۔ اسی طرح وہ بچہ جس نے پیدائش سے پہلے یوٹرس میں پاخانہ کردیا ہو، زچگی کے وقت اس پاخانے کا کچھ حصہ اس کی سانس کے ساتھ اندر جاسکتا ہے (بچے کے پاخانے میں پانی کے ساتھ بھورے یا ہرے رنگ کا سخت مواد خارج ہوتا ہے یا پیدائش کے وقت بچے کی جلد زرد نظر آتی ہے)۔ اس خرابی کی وجہ سے شروع کے چند روز میں بچے کو انفیکشن ہوسکتا ہے اس لیے ان بچوں میں خطرے کی پہلی علامت دکھائی دیتے ہی ان کے فوری علاج کی تیاری کریں۔ بچے کو فوراً ایمپی سیلین اور جینٹامائی سین کا انجکشن لگائیں اور 5 دن تک علاج مسلسل جاری رکھیں۔ دوا کی بالکل صحیح مقدار کا تعین بچے کے وزن کے مطابق کیا جاتا ہے۔ دو روز میں بچے کی حالت بہتر ہونی شروع ہوجانی چاہیے۔ اگر اس کی حالت بہتر نہ ہو رہی ہو تو اس کی زندگی بچانے کے لیے دوسری اینٹی بایوٹکس کی ضرورت ہوگی۔ فوراً طبی مدد حاصل کریں۔ کچھ بچے دوسرے بچوں کے مقابلے میں زیادہ روتے ہیں۔ جو بچہ زیادہ روتا ہے اور اس کی صحت کی دیگر علامات درست ہیں تو عام طور پر وہ ٹھیک ٹھاک ہوتا ہے۔ دیکھیں کہ جب وہ رو نہیں رہا تو کیا وہ معمول کے مطابق سانس لیتا ہے۔ بچے کا تقریباً مستقل روتے رہنا، جورات کے وقت زیادہ شدید ہوجاتا ہے، پیٹ کے درد کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اسے تین مہینوں میں ٹھیک ہوجانا چاہیے۔ یہ کیفیت بچے سے زیادہ گھر والوں کے لیے پریشانی کا باعث ہوتی ہے۔ ایسے بچے کی ماں کے ساتھ مہربانی کا رویہ اپنائیں اور خیال رکھیں کہ ماں کو وہ آرام اور مدد مل رہی ہے جس کی اسے ضرورت ہے۔ جو بچہ دن کے اکثر اوقات میں روتا رہے، کچھ نہ کھائے، اسے بخار ہو یا سانس لینے میں مشکل ہو رہی ہو تو سوچیں کہ کہیں اسے انفیکشن تو نہیں ہے۔ ننھے بچے دودھ نکالتے ہیں۔ بعض مرتبہ اس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور یہ ان کے منہ اور ناک سے باہر آتا ہے۔ اگر بچہ باقاعدگی سے دودھ پی رہا ہے اور اس کا وزن بڑھ رہا ہے تو دودھ نکالنا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جب بچہ دودھ پی چکے تو اسے ہاتھوں یا گود میں سیدھا رکھنے کی کوشش کریں۔ اگر الٹی یا قے کرتے وقت بچہ زور لگا رہا ہے اور منہ سے دودھ کے بجائے مواد خارج ہو رہا ہے تو یہ الٹی یا قے ہے۔ جب بچہ دودھ پی چکے تو اسے اپنے کاندھے سے لگا کر یا دونوں گھٹنوں پر لٹا کر اس کی پیٹھ تھپتھپائیں۔ اس طریقے سے وہ ہوا خارج ہوجائے گی جو دودھ پیتے وقت اس کے جسم میں چلی گئی ہے۔

خطرے کی علامات

پیشاب کا کم آنا، گہرا یا تیز بو والا پیشاب کرنا، منہ اور زبان کا خشک ہونا، آنکھوں کی چمک اور جلد کی تازگی میں کمی۔ لیکن کوئی بھی بچہ جسم میں پانی کی کمی کا شکار ہوسکتا ہے۔ اگر جسم میں پانی کی کمی بہت شدید ہوجائے تو بچے کی آنکھیں دھنس سکتی ہیں، سر کے اوپر کا حصہ نرم ہوکر اندر دھنس جاتا ہے، وزن کم ہوجاتا ہے اور بچہ آواز یا حرکت پر توجہ نہیں دیتا۔

علاج

جسم میں پانی کی کمی کی پہلی علامت نظر آتے ہی

یا اگر بچے کو دست آرہے ہوں یا وہ بار بار الٹی کر رہا ہو تو اسے زیادہ مرتبہ اور ہر بار اس وقت تک دودھ پلائیں جب تک وہ پیتا رہے۔ کم از کم ہر دو گھنٹے بعد دودھ پلانے کے لیے بچے کو جگائیں، آپ بچے کو نمکول بھی دے سکتی ہیں (شکر، ذرا سے نمک اور پانی کا مشروب جسے آسانی سے تیار کیا جاسکتا ہے۔ اپنا دودھ پلانے کے بعد بچے کو نمکول پلائیں۔ بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ ماں بچے کو زیادہ سے زیادہ دودھ پلانا چاہتی ہے لیکن اس کی چھاتیوں میں دودھ نہیں بنتا۔ دیکھیں یہاں اگر جسم میں پانی کی کمی کے شکار بچے کی حالت چند گھنٹوں میں بہتر ہوتی نظر نہ آئے تو بچے کے جسم میں مائع پہنچانے کے لیے فوراً طبی مدد حاصل کریں۔

دَدوڑے

نوزائیدہ بچوں کے جسم پر ددوڑے یا دھبے ہوسکتے ہیں یا جلد کا رنگ کچھ مختلف ہوسکتا ہے۔ عام طور پر یہ سب علامتیں نقصان نہیں پہنچاتیں اور چند روز میں خود ختم ہوجاتی ہیں۔ اگر پیشاب یا پاخانے کی وجہ سے بچے کا جسم دیر تک گیلا رہے تو کولہوں پر خارش یا ددوڑوں کے نشان ہوجاتے ہیں۔ اس لیے ہر مرتبہ پیشاب یا پاخانہ کرنے پر بچے کا جسم اچھی طرح صاف اور خشک کریں۔ گیلے پوتڑے تبدیل کریں۔ اگر بچہ بڑا ہو اور موسم گرم ہو تو بچے کو پوتڑا نہ پہنائیں اور کچھ دیر یونہی رہنے دیں۔ زنک آکسائڈ کی کریم سے دَدوڑوں کا علاج کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اگر چند روز میں ٹھیک نہ ہوں تو یہ خمیری انفیکشن ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے نسٹاٹن کریم استعمال کریں (دیکھیں نسٹاٹن)۔ اگر بچے کے جسم پر چھالے یا بہت سے دانے ہوں اور بچہ بیمار نظر آرہا ہو یا اسے بخار ہو تو اسے انفیکشن ہوسکتا ہے۔ اگر یہ جلد ٹھیک نہ ہوں یا انفیکشن کی کوئی علامت بگڑتی نظر آئے تو یہاں پر دی گئی اینٹی بایوٹکس دواؤں کی فہرست کے مطابق دوا دیں۔

پیلیا، جوانڈیس

اگر بچے کی جلد اور آنکھیں پیلی نظر آئیں تو اسے پیلیا یا جوانڈیس کہتے ہیں۔ بچے کا رنگ گہرا ہو تو اس کی آنکھیں دیکھیں۔ پیدائش کے بعد دوسرے دن سے پانچویں دن کے درمیان ہونے والا پیلیا خطرناک نہیں ہے۔ اس کا بہترین علاج بچے کو زیادہ سے زیادہ ماں کا دودھ پلانا ہے۔ اس سے بچے کے جسم سے وہ کیمیائی مواد خارج ہونے میں مدد ملتی ہے جو اس کے رنگ کو پیلا بنا رہا ہے۔ بچے کو ہر دو گھنٹے بعد جگا کر دودھ پلائیں۔ سورج کی روشنی بھی علاج میں مدد کرتی ہے۔ بچے کو ننگے جسم کے ساتھ 15 منٹ تک دھوپ میں رکھیں اور یہ عمل دن میں چند مرتبہ دہرائیں۔

خطرے کی علامات

پیلیا پیدائش کے بعد پہلے 24 گھنٹوں کے اندر لاحق ہوجائے، پیلیا بعد میں شروع ہو لیکن پورے جسم پر اس کے اثرات نمایاں ہوں، پیلیا کا مریض بچہ بہت زیادہ سوتا ہے اور دودھ پینے کے لیے بھی نہیں جاگتا۔ ان علامتوں میں سے کسی کے بھی نظر آنے پر طبی مدد حاصل کریں۔

آنکھیں

وہ چھوٹا سا سوراخ جس کے راستے آنسو اور روغنی مادہ نکلتا ہے اور آنکھوں کو نم رکھتا ہے بند ہوسکتا ہے اور آنکھوں کے اندر کے حصے میں اس طرح مواد جمع ہوجاتا ہے۔ نرم کپڑے کو ہلکے گرم پانی سے بھگو کر آنکھ صاف کریں۔ ہر آنکھ کے لیے الگ کپڑا استعمال کریں۔ اس احتیاط کی وجہ سے اگر ایک آنکھ میں انفیکشن ہوگا تو وہ دوسری آنکھ کو نہیں لگے گا۔ اگر پیدائش کے 5 دن بعد بچے کی آنکھ کے پپوٹے سوجے ہوں اور ان میں سرخ پیپ سی دکھائی دے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بچے کی آنکھیں سوزاک یا کلے مائی ڈیا کے انفیکشن سے متاثر ہیں۔ بچے کو منہ کے ذریعے ایریتھرومائی سین کی خوراک دیں۔ دوا کو پیس کر دودھ میں ملائیں اور بچے کو پلائیں۔ ماں اور باپ کا بھی سوزاک اور کلے مائی ڈیا کا علاج ہونا چاہیے۔ اگر آنکھ کا انفیکشن ایک سے دو دن میں ٹھیک نہ ہو تو بچے کو اندھا ہونے سے بچانے کے لیے آپ کو کسی اور اینٹی بایوٹکس کی ضرورت ہوگی۔ فوراً طبی مدد حاصل کریں۔

نرم جگہ

سر کے درمیان نرم حصہ (تالو) سپاٹ ہونا چاہیے۔ اندر دھنسا ہوا یا سوجا ہوا تالو دونوں شدید خطرے کی علامتیں ہیں۔

دھنسا ہوا تالو جسم میں پانی کی کمی کی علامت ہے۔ بچے کو ماں کا دودھ زیادہ پلائیں اور نمکول بھی دیں۔ سوجا ہوا تالو گردن توڑ بخار کی علامت ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ عربی میں پی ایچ ڈی سکالر تھیسز حوالے سے امتحان کا انعقاد

پی ایچ ڈی اسکالر حافظہ نسرین اختر لیکچرر گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی فیصل آباد نے اپنا تھیسز پیش کیا اور کامیاب دفاع کیا



فیصل آباد (ملک۔بشیر احمد) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ عربی میں پی ایچ ڈی سکالر تھیسز کے دفاع کے حوالے سے امتحان کا انعقاد ہوا، پی ایچ ڈی اسکالر حافظہ نسرین اختر لیکچرر گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی فیصل آباد نے اپنا تھیسز پیش کیا اور کامیاب دفاع کیا، ان کے تھیسز کا موضوع تھا، شیخ سعید سندھی کے ادبی کارنامے، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں منعقدہ امتحان لینے بیرونی اساتذہ میں پنجاب یونیورسٹی لاہور سے پروفیسر ڈاکٹر عنایت اللہ حمدانی، پروفیسر ڈاکٹر ابوبکر نے بیرونی ممتحنین کے طور پر امتحان لیا ،کامیاب قرار دیا گیا، اور اسکالر کو پی ایچ ڈی عربی کی ڈگری کی اجازت دی گئی، اس موقع پر دین اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس نے خصوصی طور پر شرکت کی نگران تھیسز ڈاکٹر افتخار احمد خاں چیئرمین شعبہ عربی، انٹرنل ممتحن ڈاکٹر غلام احمد شعبہ عربی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد تھے،

27 فروری ہماری تاریخ کا اہم ترین دن ہے: احمد فاروق ساہی

پاک فوج نے ہندوستان کا طیارہ مار گرا کر دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا تھا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) معروف سیاسی سماجی شخصیت چوہدری احمد فاروق ساہی نے بھارتی طیارے گرانے کے پانچ سال مکمل ہونے پر پاک فوج کی اس کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 27 فروری ہماری تاریخ کا اہم ترین دن ہے جس دن پاک فوج نے ہندوستان کا طیارہ مار گرا کر دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا تھا ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاک فوج دشمن کی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے 27 فروری کو پاک فوج نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا تھا اور پاک فضائیہ نے اپنی روایت برقرار رکھتے ہوئے ایک مرتبہ پھر پیشہ دارانہ مہارت اور بہادری سے اپنی پہچان قائم کی پاک فوج کے فوری اقدامات اور حیران کن ردعمل نے حملہ آور کا غرور خاک میں ملا دیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے جذبہ خیر سگالی کے تحت ہندوستانی پائلٹ کو واپس کر دیا پاک فوج کی ملک کے دفاع وسلامتی کے لیے لازوال قربانیاں ہیں افواج پاکستان ملک اور قوم کے محافظ ہیں اور قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح افواج، پاکستان کے ساتھ کھڑی اور ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے

مصطفیٰ آباد: جامعہ مسجد امام بخاری مصطفیٰ آباد میں ایمان افروز سیرت مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کا اہتمام

حضرت مولانا قاری محمد امین حیدری، حضرت مولانا قاری خالد ربانی کا خصوصی خطاب



مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) جامعہ مسجد امام بخاری مصطفیٰ آباد میں ایمان افروز سیرت مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کا اہتمام، حضرت مولانا قاری محمد امین حیدری، حضرت مولانا قاری خالد ربانی، حضرت مولانا محمد شریف ربانی، حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد کا خصوصی خطاب، تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد امیر کالونی کی جامعہ مسجد امام بخاری میں ایمان افروز سیرت مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کا اہتمام کیا گیا، کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک ونعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، کانفرنس میں حضرت مولانا قاری محمد امین حیدری، حضرت مولانا قاری خالد ربانی، حضرت مولانا محمد شریف ربانی، حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد سمیت دیگر علما کرام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ فرقوں میں تقسیم ہو کر کمزور ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے غیر مسلم ان پر حملہ آور ہو رہے ہیں، سب سے زیادہ وسائل مسلمانوں کے پاس ہیں، مسلمان معاشی طور پر بھی مضبوط ہیں، اس وقت دو سو ارب مسلمانوں کی تعداد ہے، اس کے باوجود غزہ کے مسلمانوں کا قتل عام کیا گیا، مساجد کو شہید کیا گیا تو اس کی وجہ ہماری صفوں کے اندر اتحاد کا نہ ہونا ہے، امت مسلمانوں کو فرقوں میں تقسیم ہونے کی بجائے اتحاد امت کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے، حضور ﷺ کی سیرت پر عمل کرنے والے حماس کے چند مسلمانوں نے میدان میں ڈٹ کر دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے، دشمن ان کی مرضی کی شرائط پر جنگ بندی پر مجبور ہو چکا ہے، ہمیں باہمی اختلافات کو مسترد کرتے ہوئے حضور ﷺ کی سیرت پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، امت مسلمہ کے مسائل کا حل ہی اتحاد امت میں ہے، علما کرام نے مزید کہا کہ ہمیں اپنی زبان پر کنٹرول کرنے کی ضرورت ہے، روز قیامت ہماری زبان کے الفاظ باعث جہنم نہ بن جائے، زبان کی حفاظت کرنے والے کے لئے جنت کی بشارت ہے، ہمیں ہمیشہ اپنی زبان سے سچ بولنا چاہئے، اپنی زبان سے ہمیشہ اللہ کا شکر ادا کیا کریں، خادم مسجد غلام مرتضے ، حافظ شاہد جنرل سیکرٹری مرکزی مسلم لیگ مصطفیٰ آباد، حافظ قاری محمد جمیل، حضرت مولانا قاری زین العابدین ، حافظ عبدالرشید، قاری محمد شفیق ،مقامی علما کرام سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ماہ مقدس رمضان المبارک میں علمائے کرام امن وروادای، بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیں

ضلعی امن کمیٹی نے ہمیشہ انتظامیہ وقانون نافذ کرنے اور قیام امن میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے: ڈپٹی کمشنر



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ماہ مقدس رمضان المبارک میں علمائے کرام امن و رواداری، بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیں، ضلعی امن کمیٹی نے ہمیشہ انتظامیہ وقانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہاتھ مضبوط کئے اور قیام امن میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے، مخلوق خدا کی خدمت اور سفید پوش، مستحق لوگوں کی مدد خود بھی کریں اور لوگوں کو بھی ترغیب دیں۔ مخلوق کی رضا میں ہی خدا کی خوشنودی و رضا ہے۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سٹی پولیس آفیسر رانا ایاز سلیم، ممبران امن کمیٹی کا مشترکہ امن کمیٹی کے خصوصی اجلاس سے خطاب میں اظہار خیال کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ ہم لوگوں کے تحفظ کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں پسندیدہ عمل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوجرانوالہ کو امن کا گہوارہ بنانے میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام کا کردار ہمیشہ مثبت اور تعمیری رہا ہے۔ آئندہ بھی اس فورم کو بروئے کار لاتے ہوئے تمام حل طلب مسائل کو حل کیا جائے گا۔ اجلاس میں احترام رمضان، سیکیورٹی، ٹریفک، تجاوزات، ناجائز منافع و ذخیرہ اندوزی، ناپ تول میں کمی سمیت جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے انہیں فوری حل کیا جائے گا متعلقہ محکموں کو متحرک کیا جائے گا۔ انہوں نے تاجر نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ ناجائز منافع خوری کی حوصلہ شکنی کریں اور رمضان المبارک میں شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے میں حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ سے تعاون کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذہبی قومی تہواروں کو منانے کے سلسلے میں پاکستانی قوم کی خوشیاں سانجھی ہیں اور گوجرانوالہ کی امن کمیٹی نے ہمیشہ قیام امن کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کیا اور انتظامیہ و پولیس کے ہاتھ مضبوط کئے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مذہبی اور سیاسی ہم آہنگی کیلئے مل کر چلنے اور معاشرے میں امن کی راہ ہموار کرنی چاہیے۔ رمضان المبارک میں بازاروں اور مارکیٹوں میں صفائی، سیکیورٹی، تجاوزات کے خاتمے، اشیاء خورد ونوش کی قیمتیں برقرار رکھنے، مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرنے اور نکاسی آب، ٹریفک روانی کے لیے دی گئی۔

اقلیتوں کے حقوق اور ان کی تحفظ کے لیے ہر لمحہ متحرک ہیں: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل جہلم صباسحر

پنجاب حکومت کی جانب سے اقلیتوں کی مالی امداد کے لیے مینارٹی کارڈ کا اجراء کیا گیا ہے



جہلم (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز اقلیتوں کے حقوق اور ان کی تحفظ کے لیے ہر لمحہ متحرک ہیں، پنجاب حکومت کی جانب سے اقلیتوں کی مالی امداد کے لیے مینارٹی کارڈ کا اجراء کیا گیا ہے، جس میں پہلے مرحلے میں 37 مستحق اقلیتی خاندانوں کو مینارٹی کارڈ دیے گئے جبکہ آج دوسرے مرحلے میں 50 مستحق خاندانوں کو مینارٹی کارڈ دیے جا رہے ہیں یہ بات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل جہلم صباسحر نے ضلع کونسل ہال میں مینارٹی کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سابق ممبر صوبائی اسمبلی ندیم خادم نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت ہر طبقہ فکر خاص طور پر اقلیتوں کو حقوق دینے کے لیے کوشاں ہے، وزیر اعلی پنجاب کی جانب سے مستحق اقلیتی خاندانوں کی سہ ماہی امداد کا سلسلہ جاری ہے، ضلع جہلم میں درجنوں افراد کو مینارٹی کارڈ دیے جا چکے ہیں جبکہ مزید دیے جا رہے ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صباسحر اور ندیم خادم نے 50 اقلیتی خاندانوں میں مینارٹی کارڈ تقسیم کیے جس کے تحت ان کو ہر تین ماہ بعد 10 ہزار 500 کی امدادی رقم پنجاب حکومت کی طرف سے دی جائے گی اس موقع پر اقلیتی برادری کے رہنماؤں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صباسحر، سابق ایم پی اے ندیم خادم اور پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی اکثریت غربت کی لکیر سے نیچے ہے ان لوگوں کی مالی امداد بلا شبہ پنجاب حکومت کا بڑا کارنامہ ہے۔

محمد اکمل چیمہ کی ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ آمد

سابقہ ناظم نے صدر، سینئر نائب صدر و نائب صدر کو مبارکباد پیش کی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سابق ضلع ناظم سیالکوٹ و معروف بزنس ٹائیکون محمد اکمل چیمہ کی سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد۔ اس موقع پر انہوں نے نومنتخب صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ اکرام الحق، سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وسیم شہباز لودھی اور نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد کو پھول وتحائف پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پریذیڈنٹ چیمبر میں خصوصی نشست کے دوران معروف صنعتکاروں کے مابین سیالکوٹ کے صنعتی شعبہ کی ترقی اور بزنس پروموشنز اور ایکسپورٹس کی بہتری کیلئے عملی اقدامات مزید بہتر کرنے پر غور وخوض کیا گیا۔ صدر سیالکوٹ چیمبر اکرام الحق کا کہنا تھا کہ لیدر فیلڈ پرائیویٹ لمیٹڈ کی روح رواں محمد اکمل چیمہ ایک بہترین ایڈمنسٹریٹر و کامیاب بزنس مین ہیں بزنس کمیونٹی کے لئے انکی خدمات لازوال ہیں۔

جہلم پچھلے چند ہفتوں کے دوران چینی کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پچھلے چند ہفتوں کے دوران چینی کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ۔ دکانداروں کے مطابق ایکسپورٹ کی اجازت ملنے کے بعد مقامی مارکیٹ میں چینی کے نرخ بڑھنے کا سلسلہ تواتر کے ساتھ جاری ہے۔ گزشتہ ڈیڑھ مہینے کے دوران چینی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا، اس وقت بازاروں میں چینی 140 روپے سے 150 تک فروخت ہو رہی ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ حکومت مقامی مارکیٹ کی ضرورت اور قیمت کو پہلے مدنظر رکھے پھر ایکسپورٹ کی اجازت دے۔

انتقال پر ملال

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) خادم رسول رسول ﷺ حافظ بنیامین نجم کے بھائی محمد یونس انتقال کر گئے۔ نماز جنازہ میں ہزاروں افراد کی شرکت، مقامی قبرستان میں سپرد خاک۔ تفصیلات کے مطابق روضہ رسول ﷺ کے خادم حافظ بنیامین نجم کے بڑے بھائی معروف کاروباری شخصیت محمد یونس انتقال کر گئے۔

پاکستان تحریک انصاف مقبول ترین جماعت ہے: میاں شوکت علی

پاکستان تحریک انصاف کو توڑنے والے خود ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ کے صدر/لکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی سمیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف مقبول ترین جماعت ہے، پاکستانی عوام پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑی ہے، پاکستان تحریک انصاف کو توڑنے والے خود ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے سنیئر رہنما سینیٹر اعجاز چوہدری کی صحت یابی کیلئے دعا گو ہوں۔ سینیٹر اعجاز چوہدری کو بے گناہ جیل میں بند کیا ہوا ہے، کیونکہ اسکا یہ قصور ہے کہ وہ عمران خان کے ساتھ ڈٹ کے کھڑے ہیں سینیٹر اعجاز چوہدری دل کے عارضے میں مبتلا ہیں، انکو دو سٹنٹ اور دل کا بائی پاس ہوا ہے۔ انکی صحت بہت خراب ہے، انکا روزانہ چیک کیا جائے اور جیل کی بجائے ہسپتال منتقل کیا جائے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب میڈم مریم نواز شریف پنجاب کی ترقی کا ستارہ بن گئیں

شعبہ صحت میں متعدی ومہلک امراض کی ادویات کا وافر مقدار میں مریضوں کے گھروں تک پہنچانا قابل ستائش ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب میڈم مریم نواز شریف پنجاب کی ترقی کا ستارہ بن گئیں شعبہ صحت میں متعدی ومہلک امراض کی ادویات کا وافر مقدار میں مریضوں کے گھروں تک پہنچانا قابل ستائش ہے زراعت کے شعبہ میں بلاسود قرضوں کی فراہمی کھاد بیج کی دستیابی مویشیوں کے علاج معالجہ اور یوگاں کے لئے مفت مویشیوں کی فراہمی ایک عظیم الشان کارنامہ ہے جو آج تک کسی بھی سابق وزیر اعلی سے سر انجام نہ ہو سکا وہ میڈم مریم نواز شریف نے کام کر کے بتا دیا کہ وہ صرف ٹک ٹاک تک محدود نہیں بلکہ وہ ایک آہنی شخصیت ہیں ان خیالات کا اظہار بزرگ مسلم لیگی رہنما شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ پانی کورٹ ممبران مرکزی وصوبائی کونسل پاکستان مسلم لیگ ن ڈاکٹر خالد یاسین اور راجہ ریاض احمد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ان کی اعلی کارکردگی سے حریف سیاسی جماعتوں کے نام نہاد رہنما خوفزدہ ہیں کہ اگر وہ اسی رفتار سے پنجاب کی ترقی کے لئے جہد مسلسل دن رات کام کرتی رہیں تو پاکی سیاسی جماعتیں صرف زبانی جمع خرچ تک رہ جائیں گی۔

فیصل آباد: نیلم میٹرنٹی ہوم میں خاتون کی ہلاکت، پولیس اور محکمہ صحت کی متضاد رپورٹس



فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد کے نیلم میٹرنٹی ہوم میں ایک خاتون کی دوران آپریشن طبیعت بگڑنے اور انتقال کر جانے کے واقعے پر پولیس اور محکمہ صحت کا متضاد رپورٹس سامنے آئی ہیں، جس سے معاملہ مشکوک ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملت ٹاؤن پولیس کو ہیلپ لائن 15 پر ایک کال موصول ہوئی، جس میں اطلاع دی گئی کہ نیلم میٹرنٹی ہوم آفریدی چوک میں ایک خاتون کی آپریشن کے دوران طبیعت خراب ہو گئی، جسے الائیڈ اسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ جانبر نہ ہو سکی۔ پولیس کی ابتدائی رپورٹ میں بتایا گیا کہ آپریشن ایک عطائی لیڈی ڈاکٹر نے کیا، جو کسی بھی طرح تربیت یافتہ نہیں تھی۔ دوسری جانب، ڈی ڈی ایچ او صدر ڈاکٹر زونیرا نور نے اس واقعے پر جو استغاثہ دائر کیا، اس میں انہوں نے خاتون کی ہلاکت کے پہلو کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا اور محض عطائیت کا مقدمہ درج کروا دیا۔

6 سالہ بچہ کھیلتے ہوئے کھلے مین ہول میں گر گیا، ڈوبتے بچے کو شہریوں نے بچا لیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) 6 سالہ بچہ کھیلتے ہوئے کھلے مین ہول میں گر گیا، ڈوبتے بچے کو شہریوں نے بچا لیا، انتظامیہ فوری حرکت میں آ گئی گٹر کا ڈھکن لگا دیا گیا، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے علاقہ عبداللہ ٹاؤن میں 6 سالہ ارحم کھیلتے ہوئے مین ہول گٹر میں گر کر ڈوب گیا، فوری طور پر قریب سے گزرتے ہوئے شہریوں نے بچے کو نکال لیا، خبر نشر ہونے پر فوری انتظامیہ بھی حرکت میں آ گئی، انتظامیہ نے فوری گٹر کا ڈھکن لگا دیا، اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے بتایا گٹر کا ڈھکن موجود تھا ایک رات قبل ہی ڈھکن چوری ہوا ہے، ہماری کوشش ہوتی ہے کہ جہاں بھی گٹروں کے ڈھکن نہیں ہیں وہاں ڈھکن لگائے جائیں۔

نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر تاجر سے لاکھوں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر تاجر سے لاکھوں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر تاجر اعجاز سے 8 لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ نے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

اوکاڑہ کے نواح میں گھر کے کمرے کو آگ لگ گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں گھر کے کمرے کو آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ رحمان ٹاؤن رینالہ خورد میں شارٹ سرکٹ کی وجہ سے گھر کے کمرے میں آگ لگ گئی۔

اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ستلھرہ کے ایس ایچ او ظفر اقبال نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش فیصل مبارک سے 1080 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

نامعلوم چور دو موٹر سائیکلیں اور پانی والی موٹر چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور دو موٹر سائیکلیں اور پانی والی موٹر چوری کر کے لے گئے موضع رنجیانی کا انجم اور آدمے کا رضوان اپنی اپنی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کر کے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے

ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کے ہمراہ اقبال لائبریری کا دورہ

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو اور ڈی پی او نے لائبریری کا جائزہ لیا۔ اقبال لائبریری ضلع جہلم کی سب سے پرانی لائبریری ہے جہاں ہزاروں کتابوں کا ذخیرہ موجود ہے ڈپٹی کمشنر جہلم نے لائبریری کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کی ہدایت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم اور ڈی پی او جہلم نے مختلف تاریخی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہوئے کہا کہ لائبریری میں علم کا بہت بڑا خزانہ موجود ہے

نوسر بازوں نے نشہ آور جوس پلا کر رکشہ اور موبائل فون ہتھیا لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نوسر بازوں نے نشہ آور جوس پلا کر رکشہ اور موبائل فون ہتھیا لیا اڈا موڑہ کا رضوان جو کہ رکشہ چلاتا تھا گزشتہ روز نوسر بازوں نے اس کا رکشہ بک کروایا اور اس کو اپنے ساتھ لے گئے آگے جا کر نوسر بازوں نے اس کو جوس پلایا جو پیتے ہی وہ بے ہوش ہو گیا تو نوسر باز اس کا رکشہ اور موبائل فون لیکر فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

نامعلوم چور دو موٹر سائیکلیں اور پانی والی موٹر چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور دو موٹر سائیکلیں اور پانی والی موٹر چوری کر کے لے گئے موضع رنجیانی کا انجم اور آدمے کا رضوان اپنی اپنی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کر کے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے

ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو کے ہمراہ اقبال لائبریری کا دورہ

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو اور ڈی پی او نے لائبریری کا جائزہ لیا۔ اقبال لائبریری ضلع جہلم کی سب سے پرانی لائبریری ہے جہاں ہزاروں کتابوں کا ذخیرہ موجود ہے ڈپٹی کمشنر جہلم نے لائبریری کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کی ہدایت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم اور ڈی پی او جہلم نے مختلف تاریخی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہوئے کہا کہ لائبریری میں علم کا بہت بڑا خزانہ موجود ہے

محمد مقصود انجم ڈوگر نے سیکٹر کمانڈر ایم فورون کا چارج سنبھال لیا

موٹروے پولیس عوام الناس کی خدمت میں مصروف عمل ہے، بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ایم فور سیکٹر ونائی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ کے وژن کے مطابق موٹروے پولیس عوام الناس کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ محمد مقصود انجم ڈوگر نے سیکٹر کمانڈر ایم فورون کا چارج سنبھال لیا اور سٹاف کے ساتھ میٹنگ کی۔ سیکٹر کمانڈر ایم فورون نے فیلڈ سٹاف کو مسافروں کی بروقت مدد کے ساتھ ساتھ انفرسٹرکچر بہتر بنانے کے احکامات جاری کیے۔ آئی جی موٹروے پولیس کے احکامات کی روشنی میں اوورسپیڈنگ کے خلاف مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے، حد رفتار سے تجاوز کی صورت میں بھاری جرمانوں کے ساتھ ساتھ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی، 150 کلومیٹر سے زیادہ رفتار کی صورت میں قانون کے مطابق ایف آئی آر کا اندراج کیا جائے گا۔ مہم کا مقصد حادثات میں کمی لانا اور قیمتی جانوں کا تحفظ ہے۔

صوبائی محتسب فوری احتساب، یقینی انصاف کیلئے کام کر رہا ہے: کیپٹن عطا محمد

صوبائی محکموں میں درپیش مشکلات، شکایات کی صورت میں ہر شہری دفتر صوبائی محتسب پنجاب میں درخواست دے سکتے ہیں

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب کیپٹن (ر) عطا محمد خان نے کہا ہے کہ صوبائی محتسب پنجاب کے ایکٹ 1997 کے مطابق ادارہ عوام الناس کے حقوق کے تحفظ کی بالادستی اور اس کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے فوری احتساب یقینی انصاف کیلئے کام کر رہا ہے بدانتظامی کے باعث کسی شخص کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کی تشخیص اور اس کے اصل تاج جان کر اس کا ازالہ کیا جاتا ہے اور 30 سے 45 دن میں شکایت کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور فیصلے کی کاپی فیصلہ ہونے کی بھی ہے کہ صوبائی محتسب پنجاب میں ہر شہری دفتر صوبائی محتسب پنجاب میں درخواست دے سکتے ہیں۔ نتیجہ میں بے شمار تعلیمی ادارے قائم ہوئے اب ان کی زندگی کا مشن ہے کہ اسی جذبہ کے ساتھ فلاح عامہ اور مخلوق خدا کی بہتری کے لیے کردار ادا کیا جائے

وزیر اعلی مریم نواز کی بہترین پالیسیاں قابل قدر ہیں۔ رانا عرفان

ترقیاتی منصوبوں کیساتھ تعلیم وصحت پر توجہ ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) معروف بزنس مین رانا محمد عرفان کی پنجاب اسمبلی سپیکر سیکرٹریٹ میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے خصوصی ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر پنجاب حکومت کی عوامی پالیسیوں پر رانا محمد عرفان نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی صوبہ میں جاری ترقیاتی و عوام دوست منصوبوں کو سراہا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف کی ہدایات پر قابل وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے حکومت سنبھالتے ہی پنجاب میں مہنگائی کا بے قابو جن کنٹرول کرنے کیلئے عوامی پالیسیاں بنائیں جن کے ثمرات آج مہنگائی کنٹرول ہونے سے حاصل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کر کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تعمیری سیاست کا فروغ ہماری اولین ترجیحات میں ہے عوام دوست ترقیاتی منصوبوں کیساتھ تعلیمی اداروں اور صحت کے شعبہ پر بھرپور توجہ دی جا رہی ہے۔

سموگ فری ماحول کیلئے حکومت وسیالکوٹ چیمبر آف کامرس ون پیج پر ہیں۔ صدر چیمبر اکرام الحق

منسٹری آف انوائرمنٹ حکام نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی کاوشوں کو سراہا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) منسٹری آف انوائرمنٹ حکام اور بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کے اعلی حکام نے ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کا اہم دورہ کیا۔ صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ اکرام الحق نے ایجنڈ یکومبران کے ہمراہ حکام کو ویلکم کیا۔ صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے حکام کو تشخیع میموریل ہال میں خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے میگا پراجیکٹس وصنعتی شعبہ بارے بزریعہ ملٹی میڈیا پریزنٹیشن دی۔ حکومتی نمائندہ وفد نے سیالکوٹ بزنس فیسلیٹیشن سنٹر وسموگ فری ماحول کی فراہمی کیلئے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عملی اقدامات کو سراہا۔ حکام نے کہا کہ سیالکوٹ کی سموگ میں کمی اور ماحول دوست پالیسیوں کیلئے عملی اقدامات قابل ستائش ہیں حکومت ٹیمنری زون کی شہر سے باہر منتقلی کے جاری منصوبہ میں سہولت کیلئے کوشاں ہے تاکہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کیساتھ زیر زمین آلودہ پانی کو پینے کے قابل بنایا جاسکے۔ حکومت پنجاب چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ماحول دوست پالیسیوں میں ہر ممکن حد تک ان کے ساتھ تعاون جاری رکھے گی۔

گیپکو ایک نفع بخش ادارہ ہے، پرائیویٹائزیشن ملازمین کسی صورت قبول نہیں کریں گے: واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک سنٹرل لیبر یونین کے مرکزی وائس چیئرمین خان ولی الرحمن خان نے کہا ہے کہ گیپکو ایک نفع بخش ادارہ ہے جبکی پرائیویٹائزیشن ملازمین کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ اسوقت گوجرانوالہ ڈویژن کے تمام سب ڈویژنوں میں ملازمین کی جس طرح شارٹیج ہو چکی ہے اسکی وجہ سے گیپکو کا ایک ملازم تین تین بندوں کا کام کر رہا ہے۔ وہ علی پور سب ڈویژن میں چار ملازمین کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گیپکو میں تھیکیداری سسٹم کے تحت بجلی کے بلڑ کی تقسیم کا کام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ حکومت کو ہوش کے ناخن لینا چاہئے۔ اور ایک نفع بخش ادارے کو تباہ نہیں کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ گیپکو ملازمین کے ساتھ آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں اور انکے حقوق کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں تقریب سے میاں عطاء الرحمن خان سیکریٹری جنر

”قوت“ کلاسیفائیڈ

روزنامہ ”قوت“ لاہور(7) جمعرات 27 فروری 2025ء

قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اطلاع گمشدگی

میرا اصل پاسپورٹ نمبری DS0972111 مورخہ 26-01-25 کو رکس کورٹ لاہور میں گم کیا ہے جو بھی تلاشہ کرے مہربانی فرما کر مندرجہ ذیل پتہ پر اطلاع دے ۔ مل ہذا انعام دیا جائے گا۔ محمد فضل داؤد کانہ احقر کل راہ آئیسل الیاس ضلع بھیرہ

03108331138

تجدید — 1

معلومات میں تھوڑی بہت کمی بیشی کا امکان ہے اگر کوئی صاحب اضافہ کرنا چاہتا ہے تو ہمیں مطلع فرمائیں ہم شکریہ کے ساتھ شامل کر لیں گے۔ ترقی فنڈز کی تفصیل کے معاملہ میں بھی ترجیح دی جائے گی۔ پارلیمانی دفنہ میں صدر محفوظ کے سامنے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کوشش کرے گا۔ والوں میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، چیئرمین پارٹی کے پارلیمانی لیڈر پنجاب آسکی سیدھی حیدر کیلانی، ساتھی گورنر پنجاب خدام احد محمود، ایڈیشنل سیکرٹری صدر امداد حسین بھی جائے گی۔ ملک احمد، ملک منظور اس، جام یسین ٹمیل، راؤ اقبال سراج خاصی احمد سعید، میاں کامران عبداللہ سید، میاں شاہد، جیب الرحمٰن چوہدری، اعظم خان، رئیس فیض ملک، نیلم جبار شہزاد، عابد شاہد ہیں۔ صدر احمد اور علی زرداری کے پارٹی رہنماؤں سے ملاقات کی اور علی زرداری کی کارکان ناصر آسکی صاحب کے سائل سے متعلق وزیر اعظم سے بات کرنے کو بھی کہا ہے انتظار کریں۔

تجدید — 2

میرے وزیر اعظم شہباز شریف کا استقبال کیا تھا۔ شہزاد قیصر کے معاملے میں بھی ترجیح دی جاری۔ پارلیمانی دفنہ میں صدر محفوظ کے سامنے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ وزیر اعظم کے والوں میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، چیئرمین پارٹی کے پارلیمانی لیڈر پنجاب آسکی سیدھی حیدر کیلانی، ساتھی گورنر پنجاب خدام احد محمود، ایڈیشنل سیکرٹری صدر امداد حسین بھی جائے گی۔ ملک احمد، ملک منظور اس، جام یسین ٹمیل، راؤ اقبال سراج خاصی احمد سعید، میاں کامران عبداللہ سید، میاں شاہد، جیب الرحمٰن چوہدری، اعظم خان، رئیس فیض ملک، نیلم جبار شہزاد، عابد شاہد ہیں۔ صدر احمد اور علی زرداری کے پارٹی رہنماؤں سے ملاقات کی اور علی زرداری کی کارکان ناصر آسکی صاحب کے سائل سے متعلق وزیر اعظم سے بات کرنے کو بھی کہا ہے انتظار کریں۔

تجدید — 3

ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران صدر سید شہزاد حسین بخاری، سیکرٹری سید ذوالفقار حسین بخاری، سینئر نائب صدر ملک محمد اکرم ارائیں، سینئر ایڈووکیٹ ملک محمد اسلم اعوان، ایڈووکیٹ ملک محمد اکرم ارائیں،

روزنامہ ”قوت“ لاہور (8) جمعرات 27 فروری 2025ء

آرمڈ فورسز پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کو وفد کا پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے دفتر دورہ

وفد کو کمیشن کے دائرہ کار، انضباطی اقدامات، محفوظ و معیاری علاج کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، زیر تربیت افسران اور اساتذہ نے شرکت کی

ڈاکٹر ثاقب عزیز نے کمیشن کے قیام کے پس منظر، فرائض، انضباطی طریقہ کار اور صحت کی معیاری سہولتوں کی فراہمی سے متعلق کام کے حوالے سے آگاہ کیا گیا



کراچی: فروٹ وسبزی منڈی میں ایک دکاندار تربوز بیچ رہا ہے

وزیراعلیٰ کی ذاتی تشہیر کیلئے پیسہ کہاں سے استعمال کیا جارہا ہے؟ جماعت اسلامی

حکومتی کارکردگی صرف اشتہارات تک محدود، عوام کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خزانہ کا بے دریغ استعمال کر رہی ہیں

بجلی اور ظالمانہ ٹیکسوں کے خاتمے تک جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی، حکومت عوام کو قربانی کا بکرا بنانا بند کرے، محمد جاوید قصوری



جعلسازی کا ہر ہربہ ناکام بنانے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا چھاپہ معروف برانڈ کی جعلی ڈرنکس بنانے والا یونٹ پکڑا گیا



اسلام آباد: بکریوں کی 6 ایک گلی سے لوگ سبزیاں خرید رہے ہیں

حکمران اقتدار کے نشے میں مست چین کی نیند سو رہے ہیں، عمران خان

جلد کرپٹ گردٹ میں آئینگے، جیل میں ہونے کے باوجود عمران خان کی مقبولیت کا گراف اوپر گیا، سینئر رہنما پاکستان تحریک انصاف



اسلام آباد: پاکستان اکیڈمی آف لیٹرز کی چیئرمین ڈاکٹر نجیبہ عارف پر لگائی مصنفہ کو سونٹر دے رہی ہیں

لاہور پولیس کے 47 اے ایس آئیز کی سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی

عمران خان کی جدوجہد حقیقی آزادی کے لئے ہے، رانا جاوید عمر

مسک کا بدعنوان ججوں کا مواخذہ کرنے اور عہدوں سے ہٹانے کا مطالبہ

سول ڈیفنس کی تربیت کا سلسلہ مرحلہ وار جاری رہے گا اور تمام تعلیمی اداروں کے اندر ماڈل سٹوڈنٹس کمیونٹی ڈیفنس بنائی جائے گی، طاہر جاوید

دبا ؤ میں آ کر امریکہ سے جوہری مذاکرات نہیں کریں گے، ایران

امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات کا کوئی امکان نہیں ہے، وزیر خارجہ

ملک کے مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن، کروڑوں کی منشیات برآمد

کوئٹہ رمضان قریب آتے ہی کھجور کی فروخت بڑھ گئی

بارش مختلف حادثات میں 5 جاں بحق

غازی ممتاز قادری کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، علامہ عبدالرسول

رمضان المبارک کی آمد آمد، چینی کی قیمتیں آسمان چھونے لگیں

لاہور میں ٹیکس بار کا چیئرمین ایف بی آر ممبر آئی کو افسران کے رویے کیخلاف خط لکھ دیا



ایم پی اے شعیب صدیقی اور چیف وہپ دونوں رہنماؤں کا مریم نواز اور عبدالعلیم خان کو بھرپور الفاظ میں خراج تحسین

مریم نواز نے حلف اٹھاتے ہی پنجاب میں تعلیم کی بہتری پر توجہ مرکوز کی۔ ان کے پہلے 365 دن کا موازنہ گذشتہ حکومتوں سے فخر سے کیا جاسکتا ہے

عرصہ دراز سے قائم بوٹی مافیا کا کنیٹ ورک توڑا اور 3 لاکھ سے زائد نوجوانوں کو گوگل سرٹیفائیڈ کورسز کروائے، وزیر تعلیم کی گفتگو

مریم نواز کی قیادت پر پوری کابینہ کو فخر ہے: رانا سکندر حیات



لاہور: پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر احمد خان کھرچ و دیگر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب، مینوئل اسلحہ لائسنس کی توثیق اور کمپیوٹرائزیشن کا عمل دوبارہ شروع

حکومت پنجاب نے مینوئل اسلحہ لائسنس ہولڈر شہریوں کو کمپیوٹرائزیشن کیلئے آخری موقع فراہم کیا

محکمہ داخلہ کے 2020 میں مینوئل اسلحہ لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کا عمل شروع کیا تھا

مساجد کے تحفظ پر مسلمان کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے، یو آئی

حکمران مشرف دور کے ظلم وستم کو دوہرا رہے ہیں، حکومت مشرف کے انجام سے سبق حاصل کرے

ٹریفک کی خلاف ورزی میں ملوث سرکاری ملازمین کی تنخواہیں روکنے کی تجویز

سی ٹی او کی رپورٹ قابل تعریف ہے، جس کی عدالت بھی تعریف کرتی ہے

روال ماہ لائن لیٹن کی خلاف ورزی پر 58 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان

ماریکٹ میں ضلع میچور کی کی زیادہ اقسام موجود ہیں اور ان کی مانگ بھی زیادہ ہے

ملک کے کئی شہروں میں وقفے وقفے سے بارش، سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا، خیبر پختونخوا کے علاقے میں بارش سے مکان کی چھت گرنے سے 2 بچے جبکہ آزاد کشمیر کی وادی گریس میں برفانی تودہ گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ملک کے مختلف شہروں میں بارش اور برف باری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ خیبر پختونخوا کے علاقے میں بارش سے مکان کی چھت گرنے سے 2 بچے جبکہ آزاد کشمیر کی وادی گریس میں برفانی تودہ گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ملک

تھائی لینڈ میں سرکاری افسران کی بس پہاڑ سے نیچے گر گئی، 18 افراد ہلاک

ڈبل ڈیکر بس مقامی حکومت کے افسران کو فیلڈ ٹرپ پر لے کر گئی تھی

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ کا عالمی دن 3 مارچ کو منایا جائے گا

آزادی صحافت پر ہونے والے قاتلانہ حملے آزادی صحافت پر حملہ ہیں، محمد نوید بھٹی

لاہور میں قتل ہونے والے صحافی عرفان خالد کے قتل کی بھرپور مذمت کرتے ہیں

جلسہ گاہ کی ذاتی تشہیر کیلئے پیسہ کہاں سے استعمال کیا جارہا ہے؟ جماعت اسلامی

ایم پی اے شعیب صدیقی اور چیف وہپ دونوں رہنماؤں کی ملاقات

سانگلہ ہل، دو افراد کو غیر قانونی حراست میں رکھنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر کے خلاف اپنے ہی تھانہ میں مقدمہ درج

پاکستان گندم کی پیداوار کے لحاظ سے دنیا کے ٹاپ 6 ممالک میں شامل

کاشتکاروں کی بھرپور محنت سے گندم کی 3.8 ملین ٹن ریکارڈ پیداوار حاصل ہوئی، ڈاکٹر عابد محمود

جلسہ گاہ کی ذاتی تشہیر کیلئے پیسہ کہاں سے استعمال کیا جارہا ہے؟ جماعت اسلامی

لبنان، حزب اللہ کا نئی لبنانی حکومت کو اعتماد کا ووٹ دینے کا اعلان

نئی حکومت تحفظ، بھائو کے لیے منتے دروازے کھولنے کے لیے آگے بڑھے گی، پارلیمانی ملاک

سولہ جولائی کو ہونے والے ضمنی انتخابات کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی ان ایکشن

نکانہ صاحب، 9 ویں کلاس کی طالبہ اوباش نوجوانوں کی ہوس کا شکار بن گئی

جلسہ گاہ کی ذاتی تشہیر کیلئے پیسہ کہاں سے استعمال کیا جارہا ہے؟ جماعت اسلامی

ایم پی اے شعیب صدیقی اور چیف وہپ دونوں رہنماؤں کی ملاقات

آئی پی پی اور پی ایم ایل (این) اتحادی جماعتیں، عوامی خدمت ترجیح، گفتگو

لاہور میں ٹیکس بار کا چیئرمین ایف بی آر ممبر آئی کو افسران کے رویے کیخلاف خط لکھ دیا

سیلز ٹیکس کی ریفرن میں ظفر علی کو رکنا غیر قانونی، غیر اخلاقی ٹیکس دہندگان کے ساتھ زیادتی ہے

رمضان المبارک کی آمد آمد، چینی کی قیمتیں آسمان چھونے لگیں

گزشتہ ڈیڑھ مہینے میں چینی کی قیمت 30 سے 40 روپے تک بڑھی ہے: ذرائع

ججز عیسیٰ کے حقوق متعلق زیادہ باز پرس ہوئی ہے، جسٹس فاروق حیدر

اللہ تعالیٰ نے ججز، پولیس کو بہت اختیارات دیئے، ہمیں خوف خدا کیلئے راتوں کو جاگ کر بھی کام کرنا چاہیے، ریمارکس

ملزم کی درخواست ضمانت کا کیس عدالت میں زیر سماعت ہے، عدالت کو آگاہ کیا گیا ہے تبدیلی تفتیش کی درخواست دی گئی ہے

سیلز ٹیکس کی ریفرن میں ظفر علی کو رکنا غیر قانونی، غیر اخلاقی ٹیکس دہندگان کے ساتھ زیادتی ہے

لاہور میں ٹیکس بار کا چیئرمین ایف بی آر ممبر آئی کو افسران کے رویے کیخلاف خط لکھ دیا

ایم پی اے شعیب صدیقی اور چیف وہپ دونوں رہنماؤں کی ملاقات

آئی پی پی اور پی ایم ایل (این) اتحادی جماعتیں، عوامی خدمت ترجیح، گفتگو

لاہور میں ٹیکس بار کا چیئرمین ایف بی آر ممبر آئی کو افسران کے رویے کیخلاف خط لکھ دیا

سیلز ٹیکس کی ریفرن میں ظفر علی کو رکنا غیر قانونی، غیر اخلاقی ٹیکس دہندگان کے ساتھ زیادتی ہے

رمضان المبارک کی آمد آمد، چینی کی قیمتیں آسمان چھونے لگیں

گزشتہ ڈیڑھ مہینے میں چینی کی قیمت 30 سے 40 روپے تک بڑھی ہے: ذرائع

ججز عیسیٰ کے حقوق متعلق زیادہ باز پرس ہوئی ہے، جسٹس فاروق حیدر

اللہ تعالیٰ نے ججز، پولیس کو بہت اختیارات دیئے، ہمیں خوف خدا کیلئے راتوں کو جاگ کر بھی کام کرنا چاہیے، ریمارکس

ملزم کی درخواست ضمانت کا کیس عدالت میں زیر سماعت ہے، عدالت کو آگاہ کیا گیا ہے تبدیلی تفتیش کی درخواست دی گئی ہے

چیف ایڈیٹر: میاں محمد شفیق
ایگزیکٹو ایڈیٹر: صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر: امداد الرحمٰن شیخ
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر: چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد شہزاد میاں
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شیخ عبدالرحمٰن
پبلشر احسن یوسف نے قومت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ویں روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایسین پلازہ 8 ویں روڈ لاہور